آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

Daily SHAL Quetta

روزنامہ شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 35 | بروز بدھ 22 مارچ 2023ء بمطابق 29 شعبان 1444ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 69

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:15
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

ڈیرہ اسماعیل: دہشتگردوں سے فائرنگ کے تبادلے میں 3 جوان شہید، 3 دہشتگرد مارے گئے

بھاگنے والے دہشت گردوں کے راستے سگو کے علاقے میں مسدود کر دیے گئے جس کے بعد اس مقام پر دہشت گردوں اور سیکیورٹی کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا

فائرنگ کے تبادلے کے دوران حوالدار محمد اظہر اقبال، نائیک محمد اسد اور سپاہی محمد عیسیٰ نے جام شہادت نوش کیا، حوالدار محمد اظہر نے سوگواران میں 4 بیٹے اور ایک بیٹی چھوڑی، آئی ایس پی آر

پاک فوج ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے پاک کرنے کے لیے پرعزم ہے اور ہمارے بہادر سپاہیوں کی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید تقویت فراہم کریں گی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان میں دہشت گردوں سے فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے تین جوان شہید ہو گئے، فائرنگ کے تبادلے میں تین دہشت گرد بھی مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق 20 اور 21 مارچ کی درمیانی شب ڈیرہ اسمٰعیل خان کے علاقے کلی میں دہشت گردوں نے پولیس چوکی پر فائرنگ کی جس کی اطلاع پر سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لیتے ہوئے تمام فرار کے راستے بند کر دیئے۔ بھاگنے والے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی رہائش گاہ پر نیشنل پارٹی کے قائدین سے ملاقات کر رہے ہیں

ٹیلی سکول پاکستان ایپ ایک اچھا قدم ہے، اس کو مزید آگے بڑھایا جائے، وزیراعظم

ملک بھر میں نمایاں کارکردگی دینے والے ایک لاکھ طلباء کو لیپ ٹاپ دینے کا اعلان، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے اپنی آنے والی نسلوں کو تعلیم کی فراہمی ہمارا مقصد حیات ہونا چاہیے،

ہنرمندی کی تعلیم کو فروغ دیا جائے، اساتذہ کی معیاری تربیت یقینی بنائی جائے، وفاقی وزیر تعلیم صوبوں کے ساتھ مل کر ایک مربوط پروگرام بنائیں جس میں اساتذہ کو ٹیبلٹس مہیا کئے جائیں،

اساتذہ اور طلباء و طالبات کی حاضری کو ڈیجیٹائز کیا جائے اور باقاعدگی سے سکولوں میں حاضر ہونے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے، شہباز شریف کا ٹیلی سکول پاکستان ایپلی کیشن کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم میاں شہباز شریف نے ملک بھر میں نمایاں کارکردگی دینے والے ایک لاکھ طلباء کو لیپ ٹاپ دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیلی سکول پاکستان ایپ ایک اچھا اقدام ہے، اس کو مزید آگے بڑھایا جائے، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے اپنی آنے والی نسلوں کو تعلیم کی فراہمی ہمارا مقصد حیات ہونا چاہیے، ہنرمندی کی تعلیم کو فروغ دیا جائے، اساتذہ کی معیاری تربیت یقینی بنائی جائے، وفاقی وزیر تعلیم صوبوں کے ساتھ مل کر ایک مربوط پروگرام بنائیں جس میں اساتذہ کو ٹیبلٹس مہیا کئے جائیں، اساتذہ اور طلباء و طالبات کی حاضری کو ڈیجیٹائز کیا جائے اور باقاعدگی سے سکولوں میں حاضر ہونے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ وہ منگل کو وزیراعظم ہاؤس میں ٹیلی سکول پاکستان ایپلی کیشن کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف ٹیلی سکول پاکستان ایپلی کیشن کے افتتاح کے بعد خطاب کر رہے ہیں

جامعات آئی ٹی کے شعبے میں ہنرمند گریجویٹ تیار کریں، صدر مملکت

جامعات خاص طور پر آئی ٹی کے شعبے میں اعلیٰ معیار اور ہنر مند گریجویٹس تیار کریں، عارف علوی

کراچی (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے دنیا کے تازہ ترین رجحانات اور پیشرفت سے ہم آہنگ رہنے کے لیے تیز تر فیصلے کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ جامعات تعلیم اور تربیت کے معیار کو مزید بہتر بنائیں، جامعات خاص طور پر آئی ٹی کے شعبے میں اعلیٰ معیار بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

عمران خان لاہور ہائیکورٹ میں پیش، 3 مقدمات میں حفاظتی ضمانت منظور

الیکشن کا اعلان ہو چکا ہے، میرا سارا وقت عدالت اور وکیلوں کے ساتھ گزرتا ہے، عمران خان

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیراعظم وچیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کے خلاف اسلام آباد میں درج 2 مقدمات میں 27 مارچ جبکہ ایک کیس میں 10 روز کی حفاظتی ضمانت منظور کرلی۔ عمران خان اسلام آباد کے تھانہ گولڑہ اور سی ٹی ڈی کے مقدمات میں بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

کیا پنکی باجی کو ہیرے، انگوٹھیاں لیتے ڈر لگتا تھا ان کی چیخیں نکلتی تھیں؟، مریم اورنگزیب

دہشت گرد چھپ کر عدالت آتے ہیں، وقت دور نہیں منہ چھپا کر آنا پڑے گا، وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ زمان پارک لاہور جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد میں پولیس اہلکاروں پر حملہ ہوا اور عمران خان کہتے ہیں ان کی بیوی ڈر گئی، بشریٰ بی بی نے ہیرے اور انگوٹھیاں لیتے ہوئے چیخیں نہیں ماریں۔ عمران خان کے بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک روزہ وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک روزہ وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی میر بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

گوادر بندرگاہ پر دو بڑے بحری جہاز روس سے گندم لیکر پہنچ گئے

گوادر (این این آئی) گوادر بندرگاہ پر دو بڑے بحری جہاز روس سے گندم لیکر پہنچ گئے۔ گوادر بندرگاہ پر اب تک چار جہازوں کے ذریعے بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

سیلابی ریلے نے گندم کی کھڑی فصلوں کو ملیامیٹ کر دیا

مند (آن لائن) تحصیل کے پہاڑی علاقوں میں بارش، رات گئے ندی میں زبردست سیلابی ریلے رانا بھٹ میں سیلابی ریلوں نے گندم کی بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

23 مارچ یوم پاکستان کے موقع پر گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح متوقع

گوادر (این این آئی) 23 مارچ یوم پاکستان کے موقع پر گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان کے ضلع بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

اسلام آباد ہائیکورٹ، عمران خان نااہلی کیس کی سماعت 29 مارچ تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی نااہلی کیلئے دائر درخواست پر وکلاء کے دلائل بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

سیکورٹی اداروں کے ہاتھوں بڑا جانی نقصان، کالعدم ٹی ٹی پی ٹوٹ پھوٹ کا شکار

اسلام آباد (این این آئی) کالعدم ٹی ٹی پی میں سیکورٹی اداروں کے ہاتھوں بڑھتے جانی نقصان کی وجہ سے پھوٹ پڑ گئی۔ ذرائع بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

بیرسٹر امجد ملک کی وزیر اعظم سے ملاقات، باہمی امور اور تارکین وطن کے مسائل پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سے پاکستان مسلم لیگ انٹرنیشنل افیئرز کے چیف آرگنائزر بیرسٹر امجد ملک بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کا سعودی ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ، دو طرفہ تعلقات پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے سعودی ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، دونوں وزرائے خارجہ کے بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارشوں کا سلسلہ جاری رہا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارشوں کا سلسلہ جاری رہا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق منگل کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہا جبکہ کوئٹہ، ژوب، بارکھان، سبی، زیارت، پشین، جیوانی، لسبیلہ بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

سکھر: صدر مملکت عارف علوی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

وفاقی شرعی عدالت کے از خود نوٹس پر بلوچستان میں کم عمری کی شادی کو روکنے کیلئے مسودہ قانون تیار

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی شرعی عدالت کے ازخود نوٹس پر بلوچستان میں کم عمری کی شادی کو روکنے کیلئے مسودہ قانون تیار، وفاقی شرعی عدالت کی جانب سے بلوچستان کے ضلع نصیرآباد میں 9 سال کی بچی کی جبری شادی کے حوالے سے لیا گیا ازخود نوٹس آج سماعت کیلئے مقرر کیا، شریعت کورٹ کے چیف جسٹس ڈاکٹر سید محمد بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

جنگلات کا تحفظ ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے، میر عبدالقدوس بزنجو

صاف آب و ہوا کے لئے ضروری ہے کہ زیادہ سے زیادہ درخت اگائے جائے

شجرکاری مہم کے تحت صوبہ بھر میں دس لاکھ پودے لگائے جائیں گے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ جنگلات کا تحفظ ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے، صاف آب و ہوا کے لئے ضروری ہے کہ زیادہ سے زیادہ درخت اگائے جائے۔ یہ بات انہوں نے عالمی یوم جنگلات کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات ماحولیاتی آلودگی میں کمی کا باعث بنتے ہیں جنگلات کی کمی ملک میں کم بارشوں اور گرمی کی شدت میں اضافے کا باعث بنتی ہے اور جنگلات کی کمی کے باعث ہمیں موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات اور گلوبل بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اعلیٰ تعلیمی اداروں کو بہتر بنانے کیلئے وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، گورنر بلوچستان

گورنر بلوچستان و چانسلر جامعہ بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ کا جامعہ کا دورہ، پرووائس چانسلر ڈاکٹر سید عین الدین آغا نے گورنر کا استقبال کیا

مالی مشکلات کے باوجود جامعہ کے امتحانات اور داخلوں کے بروقت انعقاد سمیت درس و تدریس کے عمل کو جاری کئے ہوئے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان و چانسلر جامعہ بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے جامعہ کا دورہ کیا۔ جامعہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان سے ملاقات کی۔ پرووائس چانسلر ڈاکٹر سید عین الدین آغا نے گورنر کا استقبال کیا، اس موقع پر جامعہ کے ٹریژرار جمعہ خان ہمالزئی، رجسٹرار محمد طارق جوگیزئی اور جامعہ کے دیگر اساتذہ و افسران بھی موجود تھے۔ گورنر و چانسلر جامعہ بلوچستان کو جامعہ بلوچستان کی تعلیمی و تحقیقی سرگرمیوں، مستقبل کے منصوبوں، مالی معاملات اور موجودہ درپیش مسائل کے حوالے سے مکمل بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

پاکستان میں 2 کروڑ 28 لاکھ بچے اس وقت سکولوں سے باہر ہیں، رانا تنویر حسین

ہمیں بنیادی تعلیم پر فوکس کرنا ہوگا، پاکستان میں مشروم کی طرح اعلیٰ تعلیمی ادارے بنائے گئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پاکستان میں 2 کروڑ 28 لاکھ بچے اس وقت سکولوں سے باہر ہیں، انہیں تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کیلئے ٹیلی سکول پاکستان ڈیجیٹل پروگرام سے مدد ملے گی، اسلام آباد کی حد تک کوئی بچہ سکول بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

آصف زرداری پر قتل کی سازش کا الزام، شیخ رشید پر فرد جرم عائد نہ ہو سکی

میری تاریخ تھی، میرے خلاف تمام جھوٹے مقدمات ہیں، ان کی کوئی بنیاد نہیں، سابق وزیر

عمران خان کیلئے جیل جانا کوئی مسئلہ نہیں، حکمران عقل سے کام لیں، ملک کی معاشی، اقتصادی، سماجی کشتی ڈوب رہی ہے، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) اسلام آباد کی عدالت نے سابق صدر آصف زرداری پر عمران خان کے قتل کی سازش کے الزام کے کیس میں سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید احمد پر فرد جرم کی کارروائی 14 اپریل تک موخر کر دی۔ منگل کو سابق وزیر اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید کے وکیل کی سپریم کورٹ میں مصروفیت کے باعث فرد جرم عائد نہ ہو سکی، جوڈیشل مجسٹریٹ عباس شاہ نے احکامات جاری کیے۔ قبل ازیں شیخ رشید احمد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں پیش ہوئے، عدالت نے شیخ رشید کو حاضری لگا کر جانے کی اجازت دیدی۔ دوران سماعت ڈسٹرکٹ جج نے استفسار کیا کہ کیا مقدمے کا چالان آ گیا ہے، سرکاری وکیل نے بتایا کہ مقدمے کا چالان آ چکا ہے۔ شیخ رشید احمد نے عدالت کو آگاہ کیا کہ میرے وکیل سپریم کورٹ میں ہیں اس لئے پیش نہیں ہو سکے، مقدمہ ختم کرنے کے حوالے سے درخواست بھی دائر کر رکھی ہے۔ عدالت نے سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد کو عارضی ریلیف دیتے ہوئے حاضری لگا کر واپس جانے کی اجازت دیدی۔ بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

عمران خان کی جوڈیشل کمپلیکس پیشی پر ہنگامہ، پی ٹی آئی کے مزید 23 کارکنان گرفتار

تھانہ نصیرآباد میں پی ٹی آئی کے 200 کارکنان کے خلاف مقدمہ درج ہے، پولیس

راولپنڈی (این این آئی) پولیس نے عمران خان کی جوڈیشل کمپلیکس پیشی پر ہنگامہ آرائی کے معاملے میں پی ٹی آئی کے کئی کارکنان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کارکنان کے خلاف چھاپوں اور گرفتاریوں کا سلسلہ نہ رک سکا، تازہ کارروائی میں تحریک انصاف کے مزید 23 کارکنان کو گرفتار کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق تھانہ نصیرآباد میں پی ٹی آئی کے 200 کارکنان کے خلاف مقدمہ درج ہے جس میں نامزد رہنماؤں اور کارکنان کے خلاف دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق اب تک گرفتار ہونے والے مظاہرین کی تعداد 423 ہو گئی۔ بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

حکومت نے پیٹرولیم سکیم پر کوئی مشاورت نہیں کی، IMF

سستا پیٹرول صرف رجسٹریشن والی موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں پر ملے گا جس سے ڈاکیومنٹیشن کی بھی حوصلہ افزائی ہوگی

آئی ایم ایف اسٹاف اس حوالے سے جامع تفصیلات چاہتا ہے، پاکستان میں آئی ایم ایف کی نمائندہ کی بلوم برگ سے گفتگو

نیویارک (این این آئی) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے کہا ہے کہ حکومت نے کم آمدن والوں کے لیے پیٹرول پر سبسڈی سے متعلق کوئی مشاورت نہیں کی۔ بلوم برگ کے مطابق پاکستان میں آئی ایم ایف کی نمائندہ ایسٹر پیریز نے بتایا کہ حکومت پاکستان نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے موٹر سائیکل اور گاڑیوں والوں سے متعلق اسکیم پر عالمی مالیاتی فنڈ سے کوئی مشورہ یا رابطہ نہیں کیا۔ ایسٹر پیریز نے کہا کہ آئی ایم ایف اسٹاف اس حوالے سے جامع تفصیلات چاہتا ہے جس میں اس اسکیم کی لاگت، ٹارگٹنگ، اسکیم کے غلط استعمال اور دیگر اقدامات سے متعلق حکومت سے احتیاطی تدابیر کو بات چیت کی جائے گی۔ واضح رہے کہ حکومت نے پیٹرول کی بڑھتی قیمتوں اور مہنگائی کے پیش نظر 800 سے کم گاڑی والوں کے لیے پیٹرول سے متعلق اسکیم بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

وزیراعظم شہباز شریف (آج) ایک روزہ دورے پر تھرپارکر پہنچیں گے

کراچی (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف (آج) بدھ 22 مارچ کو سندھ کے ایک روزہ دورے پر تھرپارکر پہنچیں گے، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وفاقی وزیر برائے توانائی خرم دستگیر اور چین کے سفیر، وزیر توانائی سندھ امتیاز شیخ کے ہمراہ اسلام کوٹ تھرپارکر میں 1320 میگاواٹ بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

پولیس اور عدالت پر مسلح جتھوں کے متشدد حملوں کی تحقیقات کے لئے جے آئی ٹی بنانے کا فیصلہ

جے آئی ٹی جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد میں پولیس پر تشدد کی تحقیقات کرے گی، رپورٹ

پٹرول بم حملوں، کالعدم تنظیموں کے تربیت یافتہ عسکریت پسندوں سے متعلق حقائق جمع کئے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پولیس اور عدالت پر مسلح جتھوں کے متشدد حملوں کی تحقیقات کیلئے جے آئی ٹی بنانے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جے آئی ٹی بنانے کا اقدام گزشتہ روز حکومت میں شامل جماعتوں کے اجلاس کے فیصلے کی روشنی میں کیا گیا، پالیسی پاورڈ مشترکہ تحقیقاتی ٹیم بنانے کی سمری تیار کرلی گئی، وزارت داخلہ جے آئی ٹی کی تشکیل کی سمری وزیراعظم کو بھجوائے گی، جے آئی ٹی میں وزارت بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ہمارا ماننا ہے کہ نوجوان ہمارے ملک کا مستقبل نہیں بلکہ حال ہیں، شزہ فاطمہ

ہمارا مقصد نوجوانوں کو زندگی کے ہر شعبے میں ترقی دے کر ملک کا قیمتی اثاثہ بنانا ہے

حکومت نوجوانوں کو با اختیار بنانے اور بہتر مستقبل کی جانب گامزن کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے امور نوجوانان شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ حکومت نوجوانوں کو با اختیار بنانے اور بہتر مستقبل کی جانب گامزن کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے، ہمیں اپنے نوجوانوں اور ان کے مسائل کے حل ڈھونڈنے ہوں گے۔ پاکستان انسٹیٹیوٹ فار پارلیمنٹری سروسز اسلام آباد میں نیکسٹ جنریشن رپورٹ کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے امور نوجوانان شزہ فاطمہ خواجہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کورونا کی ابتدا کہاں سے ہوئی؟ جو بائیڈن نے خفیہ معلومات جاری کرنے کے قانون پر دستخط کر دیے

واشنگٹن (این این آئی) کورونا کی ابتدا کہاں سے ہوئی؟ امریکی انٹیلی جنس نے کیا کھوج لگائی؟ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر جو بائیڈن نے خفیہ معلومات جاری کرنے کے قانون پر دستخط کر دیئے۔ امریکی صدر جو بائیڈن کا کہنا تھا کہ ہمیں تہہ تک جانے کی ضرورت ہے کہ کووڈ 19 کی ابتدا کہاں سے ہوئی، جس میں وہاں انٹیلی بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

لاہور: پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان پیشی کیلئے آ رہے ہیں

بلوچستان کے زمینداروں اور عوام کا معاشی قتل کیا جا رہا ہے، نصیر احمد شاہوانی

جس کی ہم اجازت نہیں دینگے صوبے کو 300 میگاواٹ بجلی دیکر غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے

بجلی کی بندش کیخلاف بلوچستان کے 32 اضلاع میں 30 مقامات پر زمینداروں نے احتجاج کرتے ہوئے روڈ بلاک کیئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین بلوچستان نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی نے کہا ہے کہ وفاق اور صوبہ کیسکو کو دینے والے واجبات ادا نہیں کر رہا اور بجلی بند کر کے بلوچستان کے زمینداروں اور عوام کا معاشی قتل کیا جا رہا ہے جس کی ہم اجازت نہیں دینگے، صوبے کو 300 میگاواٹ بجلی دیکر غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے بجلی کی بندش کیخلاف بلوچستان کے 32 اضلاع میں 30 مقامات پر زمینداروں نے احتجاج کرتے ہوئے روڈ بلاک کیئے۔ وفاق کی غلط پالیسیوں اور بے دخلی کی وجہ سے بلوچستان کو راکھ کے ڈھیر میں تبدیل کرنے کیلئے صوبے میں بسنے والے لوگوں کا معاشی قتل کیا جا رہا ہے، بلوچستان کے پارلیمانی وفد نے وزیر اعظم سے ملاقات کی اور وفاقی وزیر خواجہ آصف کی سربراہی میں توانائی کے حوالے سے قائم کمیٹی نے بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

وعدہ کرتے ہیں ملک کو دوبارہ ترقی کی منزل پر گامزن کریں گے، احسن اقبال

تبدیلی نوجوان نسل کو بہتر اور روشن مستقبل دینا ہے، ملک میں سیاسی عدم استحکام کی ضرورت ہے،

اگر ہمیں ترقی کرنی ہے تو ہمیں اس ملک کو سیاسی اور پالیسی سازی استحکام دینا ہوگا، وفاقی وزیر کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کی دو تہائی نوجوان آبادی کو تعلیم، روزگار اور مہارت کی تعلیم دینے کے مواقع فراہم کرتا ہوں گے، تبدیلی نوجوان نسل کو بہتر اور روشن مستقبل دینا ہے، ملک میں سیاسی عدم استحکام کی ضرورت ہے، اگر ہمیں ترقی کرنی ہے تو ہمیں اس ملک کو سیاسی اور پالیسی سازی استحکام دینا ہوگا۔ منگل کو وزیر اعظم کے یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام با اختیار نوجوان کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی دو تہائی آبادی نوجوان نسل پر مشتمل ہے۔ پاکستان کے نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور مہارت کی تعلیم دینے کے مواقع دینے ہوں گے، 2013 میں ملک دہشت گردی کی زد میں تھا، کوئی بیرونی سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے کو تیار نہیں تھا بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

چین اور پاکستان دونوں شاہراہ ریشم پر موجود قدیم تہذیبیں ہیں، چینی میڈیا

چینی اور پاکستانی عوام کے درمیان ثقافتی تبادلے تعلقات کو مزید گہرا کر رہے ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) دریا کے تحفظ کے دیوتا، پتھر سے بنائے گئے بدھ کے مجسمے، سونے کے ورقوں سے مزین تاروں کی شکل کا کنٹینر اور دیدہ زیب بالیاں وغیرہ وغیرہ، یہ ہر ایک خوبصورت تاریخی ورثے کے سامنے کھڑی ہوئی اور انہیں غور سے دیکھا، گندھارا ثقافت اور آرٹ کے مختلف انداز نے مجھے بہت متاثر کیا۔ چین کے پیلس میوزیم اور پاکستان کے قومی ورثہ اور ثقافتی شعبے کے بیورو برائے آرکیالوجی اور میوزیم کے اشتراک سے منعقد ہونے والی "گندھارا آرٹ ایگزیبیشن" بیجنگ کے شہر ممنوعہ کے دیں بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

آئی ایم ایف نے بدترین معاشی بحران کا شکار سری لنکا کیلئے قرض کی منظوری دیدی

سری لنکا کی حکومت نے آئی ایم ایف کی شرائط پوری کرتے ہوئے ٹیکس دوگنا کر دیئے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے کئی ماہ سے بدترین معاشی بحران کا شکار سری لنکا کے لیے 2 ارب 90 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق آئی ایم ایف نے سری لنکا کے لیے 2 ارب 90 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی، رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ قرض کی منظوری کے ساتھ آئی ایم ایف نے سری لنکن حکومت پر ٹیکس اصلاحات، غریبوں کے لیے سماجی تحفظ جاری رکھنے اور ملک میں معاشی بحران کا سبب بننے والی بدعنوانیوں پر قابو پانے کے بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

گوادر سی پیک کے ثمرات سے گارمنٹ فیکٹری قائم

فیکٹری سے خواتین کو روزگار کے مواقع و بااختیار بنانے کی راہ ہموار کی جا رہی ہے، گوادر بندرگاہ پر چینی اہلکار

گوادر (این این آئی) گوادر سی پیک کے ثمرات سے گارمنٹ فیکٹری قائم، فیکٹری سے گوادر کی خواتین کو روزگار کے مواقع و بااختیار بنانے کی راہ ہموار کی جا رہی ہے۔ فیکٹری 2020 سے چینی قونصلیٹ کراچی کے تعاون سے کام کر رہا ہے اور اس کا انتظام چائنا اوورسیز پورٹ ہولڈنگ کمپنی کی گوادر ویمن ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کے زیر انتظام ہے۔ تفصیلات کے مطابق گوادر بندرگاہ پر چینی اہلکار نے کہا کہ خواتین کے لئے گوادر گارمنٹ فیکٹری جیسا اقدام بین الاقوامی قانون کے تحت BRI فریم ورک بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

صومالیہ میں گزشتہ سال خشک سالی سے 43 ہزار ہلاکتیں ہوئیں، اقوام متحدہ

موغادیشو (این این آئی) صومالیہ میں طویل عرصے سے جاری خشک سالی کے نتیجے میں گزشتہ سال 43 ہزار افراد موت کی نیند سو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اقوام متحدہ کی ایجنسی اور صومالی حکومت کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار میں کہا گیا کہ صومالیہ میں گزشتہ 5 سالوں سے بادل بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

حکومت کی جانب سے اعلان کردہ رمضان ریلیف پیکیج کا آغاز

صارفین کو 19 اشیاء پر 5 ارب روپے کی سبسڈی دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کی جانب سے اعلان کردہ رمضان ریلیف پیکیج کا آغاز کر دیا گیا، صارفین کو 19 اشیاء پر 5 ارب روپے کی سبسڈی دی جائے گی، یوٹیلیٹی اسٹورز پر آٹا، دالیں، مشروبات اور دیگر اشیاء پر سبسڈی یوٹیلیٹی اسٹورز پر فراہم کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق حکومت کی جانب سے رمضان ریلیف پیکج کا آغاز کر دیا گیا ہے جس کے مطابق بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام صارفین کو ایک ارب 15 کروڑ روپے اور دیگر صارفین کو 3 ارب 84 کروڑ روپے کا ریلیف یوٹیلیٹی اسٹورز کے ذریعے فراہم کیا بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی لیگل ٹیم کا حسان نیازی کے جسمانی ریمانڈ کو چیلنج کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی لیگل ٹیم نے حسان نیازی کے 2 روزہ جسمانی ریمانڈ کو چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حسان نیازی کی بازیابی سے متعلق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں درخواست پر سماعت کے دوران جوڈیشل مجسٹریٹ عباس شاہ نے پاکستان بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر صحت سید احسان شاہ جدید مشینری سے آراستہ ایمبولینس سروس کا افتتاح کر رہے ہیں

ہم بڑی تحریک کیلئے تیار، آغاز کسی وقت بھی ہو سکتا ہے، فواد چوہدری

جب ملک کی معیشت کے بارے میں بات کرنی چاہیے تو حکمران عمران خان پر پابندی لگانے کی بات کر رہے ہیں

90 دن سے زیادہ نگران حکومت کو بھی کسی صورت تسلیم نہیں کریں گے، رہنما پاکستان تحریک انصاف کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ہم بڑی تحریک کے لیے تیار ہیں، آغاز کسی وقت بھی ہو سکتا ہے، جب ملک کی معیشت کے بارے میں بات کرنی چاہیے تو حکمران عمران خان پر پابندی لگانے کی بات کر رہے ہیں، 90 دن سے زیادہ نگران حکومت کو بھی کسی صورت تسلیم نہیں کریں گے۔ لاہور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری نے کہا کہ عمران خان پر مقدمے کی تفصیل فراہم کرنے کی درخواست میں حکومت لسٹ فراہم کرنے میں ناکام ہوئی ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے حکم دے رکھا ہے کہ عمران خان کو گرفتار نہیں کیا جا سکتا۔ لاہور کی سیشن کورٹ بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

توشہ خانہ کیس سے کوئی تعلق نہیں، فرح گوگی نے نیب میں جواب جمع کرا دیا، چیئرمین نیب طلبی کا نوٹس ختم کریں نہیں تو عدالت سے رجوع کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی قریبی دوست فرح گوگی نے توشہ خانہ کیس میں نیب کو نوٹس کا جواب بھجوا دیا۔ فرح خان کے وکیل نے جواب میں کہا ہے کہ توشہ خانہ کیس سے کوئی تعلق نہیں، نیب سیاسی مخالفت میں نوٹس بھجوا رہا ہے۔ ایڈووکیٹ اظہر صدیق نے جواب میں کہا ہے کہ چیئرمین بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: قائمہ کمیٹی کے چیئرمین فار اینٹی نارکوٹکس مولانا صلاح الدین ایوبی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

www.dailyshal.com
روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

22 مارچ 2023ء

حکومت کی جانب سے اعلان کردہ رمضان ریلیف پیکیج کا آغاز

حکومت کی جانب سے اعلان کردہ رمضان ریلیف پیکیج کا آغاز کر دیا گیا، صارفین کو 19 اشیاء پر 5 ارب روپے کی سبسڈی دی جائے گی، چینی آٹا دالیں مشروبات اور دیگر اشیا اشیاء پر سبسڈی یوٹیلٹی اسٹورز پر فراہم کی جائے گی۔ حکومت کی جانب سے رمضان ریلیف پیکیج کا آغاز کر دیا گیا جس کے مطابق بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام صارفین کو ایک ارب 15 کروڑ روپے اور دیگر صارفین کو 3 ارب 84 کروڑ روپے کا ریلیف یوٹیلٹی اسٹورز کے ذریعے فراہم کیا جائے گا۔ سرکاری دستاویز کے مطابق، غریب طبقے کو گھی پر 100 روپے، آٹا پر 52 روپیہ اور چینی پر 30 روپے فی کلو سبسڈی ملے گی جبکہ 10 کلو آٹے کا تھیلا 400 روپے، گھی 300 روپے میں دستیاب ہوگا۔ بی آئی ایس پی کے تحت اسٹورز پر چینی 70 روپے فی کلو میں ملے گی جبکہ بیسن، کھجور پر 50، 50 روپے مشروبات پر صارفین کو 15 روپے کی سبسڈی دی جائیگی۔ دستاویز کے مطابق عام صارفین کو آٹے پر 27 روپے اور چینی پر 11 روپے گھی پر 25 روپے فی کلو سبسڈی فراہم کی جائے گی جبکہ عام صارفین کو 10 کلو آٹا 648 روپے، گھی 490 اور چینی 89 روپے فی کلو میسر ہوگی جبکہ تمام صارفین کو دالوں پر 20 روپے فی کلو سبسڈی ملے گی، یوٹیلٹی اسٹورز پر کوکنگ آئل پر 25، چائے پر 100، دودھ پر 30 اور مصالحوں پر 10 فیصد رعایت میسر ہوگی۔

بھارت افغانستان میں بگاڑ پیدا کر رہا ہے

ریاض احمد چودھری

افغان امریکی ادارے (سگار) کی ایک رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ بھارت اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کے لئے افغانستان میں بگاڑ پیدا کرنے کا کردار ادا کر رہا ہے۔ بھارت طالبان مخالف جنگجوؤں کی مالی مدد کر رہا ہے۔

سگار نے جو افغانستان کی تعمیر نو کے لیے واشنگٹن کی سرکردہ نگران اتھارٹی اور ایک قابل اعتماد فورم ہے، جو افغانستان میں امریکی آپریشن کے بارے میں آزادانہ اور معروضی تحقیقات کرتا ہے۔ رواں سال فروری میں شائع ہونے والی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت نے طالبان مخالف جنگجوؤں کو مالی امداد فراہم کی جو اس کے ساتھی سمجھے جاتے ہیں، اس میں ہیبت اللہ علی زئی نامی ایک سابق افغان جنرل کا حوالہ دیا گیا جس نے کہا کہ شمالی افغانستان کے رہنما عطا محمد نور اور عبدالرشید دوستم بھارت گئے اور شمال میں مزاحمت پیدا کرنے کے لئے پیسہ حاصل کیا جس نے روایتی طور پر طالبان کے خلاف مزاحمت کی ہے۔

ہیبت اللہ نے دعویٰ کیا کہ وہ افغان حکومت سے آپریشن اور سپلائی کے لئے فنڈز کی درخواست کرتا رہا لیکن ناکام رہا، اس کے برعکس دوستم اور نور نے اتنی آسانی سے بھارت سے پیسے حاصل کر لئے۔ شمالی اتحاد کی حمایت کرنے اور طالبان مخالف اثر کو برقرار رکھنے کی بھارت نے تاریخ برقرار رکھی ہے، اس نے 1996ء سے اکتوبر 2001ء تک طالبان کی سابقہ حکومت کے دوران بھی ایسا ہی کیا تھا۔

تازہ ترین رپورٹ بھارت کی طالبان مخالف پالیسی کا قطعی ثبوت ہے جہاں اس نے طالبان حکومت کے خلاف بگاڑ پیدا کرنے کا کردار ادا کیا ہے۔ افغانستان میں سپائلر کے کردار کے علاوہ بھارت نے اپنے مذموم عزائم کو پورا کرنے کے لئے خطے میں پراکسیوں کی فنڈنگ کی تاریخ کو برقرار رکھا ہے۔ بھارت نے ہمیشہ افغانستان کو پاکستان کے خلاف میدان اور دوسرے محاذ کے طور پر استعمال کیا۔ طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد بھارت کو اپنے تزویراتی نقصانات کی شدید تشویش ہوئی اور اب وہ طالبان کے ساتھ تعلقات میں خلیج کو دور کرنے کی کوشش کر رہا ہے تاہم طالبان بھارت کے سپائلر کے کردار سے اچھی طرح آگاہ ہونے کی وجہ سے اس کے ساتھ معاملات میں کافی محتاط ہیں۔

بھارت جانتا ہے کہ افغانستان میں امن افغانستان اور خطے کو فائدہ پہنچانے والے روابط کی راہداری بنے گا جو بھارت کے لئے سازگار صورت حال نہیں ہے۔ گزشتہ دو دہائیوں سے بھارت نے عالمی برادری کو بے وقوف بنایا، جعلی بیانیے کو فروغ دیا اور خطے میں بالخصوص پاکستان کے خلاف دہشت گردی کو ہوا دینے کے لیے افغان سرزمین استعمال کی۔ بگاڑ پیدا کرنے والے امن قائم کرنے والے نہیں ہو سکتے۔ بھارت افغانستان کے حوالے سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتا، بھارت کا ہر پڑوسی ملک کے ساتھ تنازعہ ہے اور بھارت کو امن پسند سمجھنا غیر منطقی ہے۔ بھارت نے ہمیشہ افغان محاذ کو پاکستان کے خلاف استعمال کیا ہے۔ پاکستان کے مسائل کی اصل جڑ بھارت ہے کیونکہ بھارت افغانستان میں دہشت گردوں کی مدد کر کے پاکستان کے لئے مسائل پیدا کرتا رہا ہے۔ بھارت پاکستان میں عدم استحکام چاہتا ہے اور اپنے ہمسایہ ملک کے خلاف نت نئی ترکیبیں سوچتا ہے۔

اشرف غنی دور میں بھارت افغانستان میں دہشتگردوں کی مالی معاونت کر رہا ہے جس سے پاکستان کے مسائل میں بے پناہ اضافہ ہوا۔ بھارت کی جانب سے افغانستان کو پاکستان کے خلاف سیکنڈ فرنٹ کی صورت استعمال کیا جارہا تھا جس سے نہ صرف پاکستان میں دہشت گردی بڑھی بلکہ اس کے مسائل میں بھی بے پناہ اضافہ ہوا۔ بھارت کی جانب سے دہشت گردوں کی سپورٹ کوئی پیرائے میں دیکھا جاسکتا ہے کیونکہ حامد کرزئی اور اشرف غنی دور حکومت میں پاکستان اور افغانستان کے تعلقات میں بگاڑ پیدا ہوا۔

بھارت پاکستان کے ساتھ بھی اپنے حل طلب مسائل کی جانب توجہ دینے کی بجائے افغانستان میں قونصل خانے قائم کر کے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے راستے پر گامزن تھا۔ افغانستان میں آنے والی تبدیلی نے بھارتی حکمرانوں کے خواب چکنا چور کر دیئے، اس کے درجن بھر قونصل خانے بند کر دیئے گئے اور اس کے سفارتی عملے کو راتوں رات افغان سرزمین چھوڑ کر بھاگنا پڑا۔ اس اچانک ہیٹ ٹرک کی وجہ سے بھارتی وزیر اعظم مودی اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوول کو سخت ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا جو پاکستان میں عدم استحکام پیدا کر کے بلوچستان میں افراتفری پیدا کرنا چاہتے تھے۔ افغانستان میں لگنے والے زخموں پر بھارت بہت تڑپ رہا ہے اس کی سرمایہ کاری ضائع ہو رہی ہے۔

مودی سرکار کی غلط پالیسیوں کا ہی نتیجہ ہے کہ آج بھارت نہ تو افغانستان کے ساتھ بات چیت کی پوزیشن میں ہے اور نہ ہی طالبان حکومت کی کھل کر مخالفت کر رہا ہے کیوں کہ وہ جانتا ہے کہ پاکستان اور چین کے علاوہ اگر اس نے طالبان حکومت سے بھی معاملات خراب کر لئے تو افغان سرزمین کی طرح کشمیر بھی اس کے ہاتھ سے نکل سکتا ہے۔ مزید یہ کہ خالصتان تحریک بھی زور پکڑ رہی ہے، اس کے علاوہ وقتوں پر بھارتی سرکار کے مظالم کھل کر دنیا کے سامنے بے نقاب ہو چکے ہیں۔

پاکستان کو پھونک پھونک کر قدم رکھنا ہوگا اگر بھارت کے قدم روکنے ہیں تو اس کے خلاف موجود ثبوت اس کے جاسوس نیٹ ورک سے دنیا کو آگاہ کیا جائے اور کلبھوشن کو اس کے انجام تک پہنچایا جائے۔ جتنا جلد یہ کام ہوگا اتنا ہی بھارت کی سازشوں میں کمی آئے گی ورنہ یہ باز آنے والا نہیں ہے۔

کچھ بھی تو کنٹرول میں نہیں ہے

محمد معاذ قریشی

کبھی آپ نے سوچا کہ نواز شریف کو نکالا گیا تھا تو انہوں نے کیا کیا تھا، اور اب عمران خان کو نکالا گیا ہے تو وہ کیا کر رہے ہیں؟ کیا یہ حقیقت نہیں کہ نواز شریف کا بیانیہ محض 'مجھے کیوں نکالا' تک محدود رہا تھا جبکہ عمران خان نے سب کو ختنا ڈالا ہوا ہے اور صرف اب ہی نہیں، دو ہزار چودہ میں بھی تو ایسا ہی ہوا تھا۔ عمران خان نے تب جو چاہا وہ کیا اور حکومت کچھ بھی نہ کر سکی، کیا دونوں میں فرق نظر نہیں آتا؟ پی ٹی آئی نے 126 دنوں تک اسلام آباد کو بلاک کئے رکھا اور ہر روز حکومت کے خلاف تقریریں کی گئیں، لیکن نواز شریف وزیر اعظم ہوتے ہوئے بھی کچھ نہ کر سکے۔ اب جبکہ پی ٹی آئی حکومت میں نہیں ہے، تب بھی صورت حال ویسی ہی ہے۔ خان صاحب روزانہ ایک نئی سیاسی چال چلتے ہیں، اس کے ردعمل میں اقدامات شروع ہو جاتے ہیں اور بیانات کا ایک نہ ختم ہونے والے سلسلے کا آغاز ہو جاتا ہے۔ لگتا ہے حکمرانوں کو کچھ نہیں آتا اور عمران خان ہی ان کے ساتھ سیاست سیاست کھیل رہے ہیں۔ یہ بھی نظر نہیں آتا کہ عمران خان باقی سیاست دانوں کے مقابلے میں نو آموز ہیں، وہ تو باقیوں سے زیادہ بڑھ چڑھ کر سیاسی گر آزما رہے ہیں، گویا سیاسی گرو دوسرے نہیں بلکہ عمران خان ہیں۔

اس تمہید کا مقصد پی ٹی آئی یا عمران خان کی تعریف یا حمایت نہیں بلکہ یہ باور کرانا ہے کہ سیاست تو عمران خان کر رہے ہیں۔ باقی تو ان کے سیاسی واروں سے بچنے کی تگ و دو میں ہیں اور آج 2023 میں بھی صورت حال 2014 سے مختلف نظر نہیں آتی۔ ایک طرف سیاست ہونا اور دوسری طرف سیاست کا نام و نشان نہ ہونا بھی ظاہر کرتا ہے کہ کہیں نہ کہیں، کچھ نہ کچھ مسئلہ تو ضرور ہے۔ یہ مسئلہ کیا ہے اور کیوں ہے اس پر بہرحال حکمرانوں کو توجہ دینے کی اشد ضرورت ہے۔

دوسری سوچ یہ ابھرتی ہے کہ ہمارے ملک میں سیاست کے نام پر جو کچھ ہو رہا ہے، وہ واقعی سیاست ہے اور کیا اس کے کچھ مثبت اثرات سے یہ ملک اور سیاسی تجربوں کی ماری قوم، دونوں کچھ مستفید ہو سکیں گے؟ پچھلے پچھتر سالوں میں اس ملک کے ساتھ جو کچھ ہوا وہ واقعی سیاست تھی؟ اس سے ملک کو کیا ملا؟ قرضے، دہشت گردی، مہنگائی، افراتفری، بے سکونی، عدم اطمینان، لاقانونیت، جرائم اور معاشرتی بے راہ روی؟ یہ ساری باتیں تو تکلیف دہ ہیں ہی لیکن اصل مسئلہ یہ ہے کہ حکمرانوں سے کچھ بھی کنٹرول نہیں ہو پا رہا، نہ مہنگائی، نہ ڈالر، نہ ملک، نہ ادارے، نہ معاشرہ اور نہ ہی اپوزیشن۔ بی بی سی کے مطابق آئی ایم ایف سے معاہدے میں تاخیر کا اثر پاکستان کی کرنسی کی قدر پر بری طرح مرتب ہو رہا ہے۔ اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ دو مارچ کو پاکستان میں ایک ڈالر کی قیمت میں اچانک 18 روپے سے زیادہ کا اضافہ ہو گیا تھا، جو پاکستانی روپے کی قدر میں ساڑھے چھ فیصد سے زیادہ کمی کے مترادف ہے۔ جب یہ حالات دیکھتا ہوں تو مجھے مشاہد حسین سید یاد آ جاتے ہیں، انہوں نے چند ہفتے پہلے کہا تھا کہ کرسی کی جنگ ہمیں تباہ کر دے گی، اولین ترجیح حکومت سے بہتر ہے کہ حکومت چھوڑ کر الیکشن کرائیں لیکن پھر سوچتا ہوں کہ وعدے اور دعوے اپنی جگہ، ان حالات میں حکمران اتحاد کے لئے الیکشن کے حوالے سے آگے بڑھنا مشکل ہو جائے گا، اس کے باوجود حکمرانوں کی بڑھکیں تھمنے میں نہیں آ رہیں۔ دعوے یہ کئے جا رہے ہیں کہ یہ کر دیں گے، وہ کر دیں گے، ملک کو ڈیفالٹ نہیں ہونے دیں گے۔ ٹھیک ہے ملک کو ڈیفالٹ سے بچا لیا ہو گا لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ ملک کو ان حالات تک پہنچایا کس نے ہے؟

سبھی جانتے ہیں کہ دنیا بھر میں جب بھی کسی ملک میں مہنگائی میں اضافہ ہوتا ہے تو وہاں کی حکومت لوگوں کو اس بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اثرات سے بچانے کے لئے اقدامات کرتی ہے۔ سہولیات اور مراعات میں بھی اضافہ کیا جاتا ہے۔ جب مہنگائی بڑھتی ہے تو حکومتیں عوام کی تنخواہیں بڑھاتی ہیں اور لوگوں کی آمدنیوں میں اضافے کا قصد کرتی ہیں تاکہ عوام مہنگائی کے بوجھ تلے نہ دب جائیں اور ان کی قوت خرید کسی نہ کسی حد تک برقرار رہے۔ افسوس کہ پاکستان میں ایسا نہیں ہوتا۔ حکومت ہر بجٹ میں تنخواہوں اور پنشنوں میں کچھ اضافہ تو کرتی ہے لیکن یہ اضافہ سال بھر میں بڑھنے والی مہنگائی کے مقابلے میں اونٹ کے منہ میں زیرے والا معاملہ ہوتا ہے۔ عوام ہر نئے دن کے ساتھ امید کرتے ہیں کہ حکومت شاید ان کے درد کو سمجھے گی اور مہنگائی بڑھنے کے ساتھ ساتھ انہیں سہولیات بھی فراہم کرے گی لیکن یہ امید ہر غروب ہوتے سورج کے ساتھ یاس میں بدل جاتی ہے۔ میرے خیال میں ایسی حکومت لینے کا کوئی فائدہ نہیں جس میں ملک برباد ہو۔ جو سنبھال سکتے ہیں، ملک ان کے حوالے کر دیں، یہ کہہ کر کہ ہم سے تو نہیں سنبھل رہا، بجائے اس سے چمٹے رہنے کے اور اپنی کریڈیبلٹی زیرو کرنے کے۔ حکومت چھوڑ دیں اور نئے انتخابات ہونے دیں تاکہ ملک میں ایک مستحکم حکومت قائم ہو، لیکن اس ملک کو اس حال تک پہنچانے کے جو بھی ذمے دار ہیں، الیکشن سے بھی پہلے ان کا احتساب کیا جائے، جو اس ملک اور قوم کو ایک دلدل ایک بھنور میں پھنسا کر جس رہے ہیں اور اپنی اپنی 'کمائیوں' سے عیش کی زندگیاں بسر کر رہے ہیں، ان کو احتساب کے کٹہرے میں لایا جائے۔

میری درخواست ہے کہ حکمران فوری طور پر حکومت چھوڑیں، ملک کو لوٹنے والوں کو ایکسپوز کریں۔ عوام کو پتہ ہونا چاہئے کہ اس ملک کو اس دلدل میں کس نے پھنسایا اور کیسے پھنسایا۔ لوگ صرف اسی وقت حکمرانوں کے ساتھ ہوں گے جب انہیں یہ علم ہو جائے گا کہ ان کے مجرم کون ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ مایوسی بڑھتی جارہی ہے۔ مایوسی ویسے تو گناہ ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ملک کے حالات بد سے بدتر ہوتے جا رہے ہیں۔ کسی قسم کا کوئی کنٹرول نہیں ہے۔ بالکل سامنے نظر آ رہا ہے کہ کچھ غیر مرئی قوتیں ملک کو چلنے نہیں دے رہیں۔ پھر بھی یہ کیوں اقتدار سے چمٹے ہوئے ہیں، یہ میری سمجھ سے بالاتر ہے۔

باہمر نظام کا اور رجیم چینج کا سارا گند انہوں نے بغیر کسی تیاری کے اپنے کندھوں پر اٹھا لیا، پتہ نہیں کیوں؟ نتیجہ یہ نکلا ہے کہ یہ بھی اور عوام بھی بالکل ذلیل ہو کر رہ گئے ہیں۔ کیا بتائیں کہ لوگوں کے گزارے کس طرح ہو رہے ہیں۔ جب حکمرانوں کو کچھ سمجھ نہیں آ رہا تو عوام کو کیسے سمجھائے گا کہ ان کے ساتھ ہو کیا رہا ہے۔

لیڈی ہائی جیکر



خبر ہی ایسی تھی جس نے پوری دنیا میں شور مچا دیا کچھ لوگوں کو یقین ہی نہیں آ رہا تھا کہ ایسا بھی ہوسکتا ہے عیسائی اور یہودیوں پر دہشت طاری تھی البتہ مسلمان انتہائی پرجوش دکھائی دے رہے تھے۔ قہوے خانے میں بیٹھے ایک بوڑھے فلسطینی نے نوجوان سماجی کارکن کو بڑے رقت آمیز لہجے میں کہا بیٹا یہ حالات کا جبر ہے یا صیہونی مظالم کہ ایک خاتون نے ہاتھ میں انگوٹھی پہننے کی بجائے پستول پکڑ لیا جو لوگ موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر جان ہتھیلی پر لئے اپنے حقوق کی جنگ لڑ رہے ہوں اس کو دنیا کی کوئی طاقت شکست نہیں دے سکتی تم دیکھ لینا لیلیٰ خالد ضرور اپنے مقصد میں کامیاب ہوگی لیکن۔ نوجوان نے کچھ کہنے کے لئے لب کھولے ہی تھے کہ بوڑھے فلسطینی نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا جب کسی سے جینے کا حق بھی چھین لیا جائے تو بیٹا ایسے ہی ہوتا ہے غور کرو بلی جیسے جانور کو کمرے میں بند کر کے واپسی کے راستے مسدود کر دیئے جائیں تو وہ خونخوار ہو جاتی ہے ہم تو پھر جیتے جاگتے انسان ہیں یہودی ہمارے گھروں پر قابض ہو جائیں آئے روز فلسطینیوں پر حملے، بم دھماکے، ظلم و ستم کرتے پھریں اور ہماری کوئی داد فریاد بھی نہ سنے تو جبر کی کوکھ سے حریت پسندی جنم لیتی ہے یاد رکھو ظالموں کا مقابلہ نہ کرنا بزدلی بھی ہے اور اعلیٰ درجے کی منافقت بھی۔ نوجوان کا چہرہ تمتما اٹھا اس نے اثبات میں سر ہلایا اور بولا اپنے وطن کی آزادی کے لئے میں بھی فلسطین کاز کیلئے دن رات ایک کر دوں گا۔

بوڑھے فلسطینی کے ہونٹوں پر مسکراہٹ پھیل گئی اس نے کہا شاید تم نہیں جانتے لیلیٰ خالد دنیا کی پہلی خاتون ہائی جیکر ہیں جس نے جہاز اغوا کرنے کے لئے 6 بار پلاسٹک سرجری کروائی دنیا کے مشکل ترین کاموں میں سے ایک کام ہائی جیکنگ ہے جس میں کسی طیارے کو اغوا کر کے ذریعے اپنے مطالبات منوانا ہے۔ ہائی جیکنگ جیسے پرخطر جرم میں اول تو کسی خاتون کا ملوث ہونا ہی حیرت کی بات ہے لیکن کسی نوجوان لڑکی کا جہاز ہائی جیک کرنا، پھر پلاسٹک سرجری سے اپنی شکل تبدیل کرانا، اور ایک بار پھر ہائی جیکنگ کرنا، یہ تو یقیناً ایسی حیران کن کہانی ہے جو فلمی لگتی ہے۔ لیکن دنیا میں یہ واحد مثال فلسطینی خاتون لیلیٰ خالد کی ہے جس نے ایک نہیں دو بار جہاز ہائی جیک کیا تھا۔ لیلیٰ خالد انتہائی حساس طبیعت کی حامل تھی بچپن میں ہی اس نے دیکھا غزہ پر یہودیوں کے حملوں میں آئے روز اپنے ہم وطنوں کے کٹے پھٹے لاشے دیکھ دیکھ کر وہ بہت بے چین ہو جاتی ایک روز تو حد ہوگئی نہ جانے کہاں سے یہودی طیارے نمودار ہوئے انہوں نے آناً فاناً بمباری شروع کر دی جتنی دیر میں فلسطینی جوابی کارروائی کرتے اس کا پورا محلے ملبے کا ڈھیر بن چکا تھا دھواں اگلتے مکان آگ اور خون میں ڈوب گئے جن سہیلیوں کے ساتھ وہ ڈھیروں باتیں کرتی رہتی گڈے گڑیوں کا کھیل کھیلتی تھی ان کی صورتیں نہ دیکھی جارہی تھیں اسے وحشت ہونے لگی اس نے فلسطین کی آزادی تحریک میں شمولیت اختیار کرنے کا فیصلہ کر لیا اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ ایک متحرک کارکن بن کر سامنے آئی اور مظلوم فلسطین کی آزادی کی علامت بن گئی۔ لیلیٰ خالد 9 اپریل 1944ء کو پیدا ہوئی اس کا کنبہ فلسطینیوں کے انخلاء کے بعد 13 اپریل 1948 کو لبنان چلا گیا اس نے 15 سال کی عمر میں، اپنے بھائی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے، وہ پین عرب نیشنلسٹ موومنٹ میں شامل ہوگئی، جس کی ابتداء 1940 کی دہائی کے آخر میں جارج حباش نے کی تھی، جو اس وقت امریکی یونیورسٹی بیروت کے میڈیکل کی طالبہ تھی۔ اس تحریک کی فلسطینی شاخ 1967 کی چھ روزہ جنگ کے بعد فلسطین کی آزادی کے لئے پاپولر فرنٹ بن گئی۔ اس نے اپنے گروپ سے کہا یہودیوں کے خلاف چھوٹی موٹی کارروائیوں کی بجائے کوئی ایسا کام کیا جائے کہ دنیا پر صیہونی مظالم اجاگر ہوسکیں اسی مقصد کے پیش نظر لیلیٰ خالد اور ان کے ساتھیوں نے 1968ء اور 1971ء کے درمیانی عرصے میں 4 جہاز اغوا کئے۔ تاریخ بتاتی تھی فلسطین لبریشن فرنٹ میں شمولیت اختیار کرنے کے بعد لیلیٰ خالد نے پہلا جہاز 29 اگست 1969ء کو اغوا کیا یہ بوئنگ 707 جہاز تھا جو اٹلی سے اسرائیل کے دارالحکومت تل ابیب جا رہا تھا انہیں اطلاع ملی تھی کہ اس جہاز میں اسرائیلی وزیر اعظم اضحاک رابن بھی سفر کر رہے ہیں جب جہاز ایشیاء کی فضائی حدود میں داخل ہوا تو ڈرامائی انداز میں ایک نقاب پوش خاتون نے جہاز کا کنٹرول اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ اس نے پائلٹ کو حکم دیا کہ فلسطینی شہر حیفہ کے اوپر سے پرواز کرتے ہوئے جہاز کا رخ دمشق کی طرف موڑ دے دراصل لیلیٰ خالد دمشق جانے سے پہلے میں اپنی جائے پیدائش، وطن مالوف حیفہ کو دیکھنا چاہتی ہوں۔ خاتون اور اس کے ساتھی بموں سے مسلح تھے۔ پائیلٹ نے بادل نخواستہ حکم کی تعمیل کی چنانچہ جہاز دمشق میں اتار لیا گیا ہائی جیکروں نے مسافروں کو یرغمال بنا کر فلسطین کی آزادی کا مطالبہ کیا جس سے پوری دنیا کی توجہ فلسطینیوں پر صیہونی مظالم کی طرف مبذول ہوگئی جب لوگوں کو معلوم ہوا کہ ہائی جیکر ایک خاتون ہیں تو وہ بے حد حیران ہوئے، فلسطینی نعرے لگاتے ہوئے گھروں سے باہر آ گئے اس روز مظلوم فلسطینیوں کے حالات کے بارے میں پہلی بار دنیا پر واضح ہوئے شہر شہر ملک ملک فلسطینیوں کے حق میں مظاہرے شروع ہو گئے مذاکرات کے بعد اسرائیلی جیلوں میں فلسطینی قیدیوں کی رہائی اور ہائی جیکروں کی بحفاظت واپسی کی شرائط پر تمام یرغمالیوں کو رہا کر دیا گیا یہ فلسطینیوں کی پہلی فتح تھی دنیا بھر کے ٹیلی وژن چینلوں اور اخبارات نے لیلیٰ خالد کے انٹرویو نشر اور شائع کئے۔ وہ عالم اسلام کی آنکھ کا تارا بن گئی۔ ان کی تصویروں کو اتنی شہرت ملی جو اس سے پہلے کسی مسلمان خاتون کو نہیں ملی تھی۔ مقبولیت کا یہ حال تھا کہ یورپ میں رہنے والی لڑکیوں نے اس کے اسٹائل کو بالوں سے لیکر سکارف تک کاپی کر لیا اور لیلیٰ خالد جو انگوٹھی پہنتی تھی اس میں کوئی نگینہ یا پتھر نہیں گولی جڑی ہوئی تھی اس کا یہ انداز بھی مقبول ہوگیا۔ کہا جاتا ہے کہ 6 ستمبر، 1970 کو، نکاراگوان کے امریکی، خالد اور پیٹرک آرگیلو نے ایمسٹرڈیم سے نیو یارک شہر جانے والی ال ال فلائٹ 219 کو ہائی جیک کرنے کی کوشش کی، ڈاوسن کے فیلڈ بائیے قبل ارگیلو کو ہلاک کر دیا۔ اگرچہ اس وقت وہ دو دستی بم لے کر جارہی تھی، لیلیٰ خالد کو پرواز کے دوران مسافروں کو دھمکانے نہ کرنے کی سخت ہدایات موصول ہوئی ہیں۔ تاہم، طاقت سے دوچار ہونے کے دوران، اس نے دستی بموں میں سے ایک سے حفاظتی پن واپس لے لیا اور اسے اکانومی کلاس مسافروں کی طرف گلیارے سے پھینک دیا۔ معجزانہ طور پر یہ پھٹا نہیں اور اس طرح عام دباؤ اور ہوائی جہاز کے ممکنہ حادثے کا سبب بنے۔ ارگیلو نے دو مرتبہ پرواز کے عملے کے رکن ویدر کو گولی ماردی تھی، اور پائلٹ اوری بارلیف نے خالد کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لئے تل ابیب واپس جانے کے احکامات سے انکار کر دیا تھا۔ پائلٹ نے طیارے کو لندن کے ہیتھرو ہوائی اڈے کی طرف موڑ دیا، جہاں دونوں اسکائی مارشلز طارق پر اسمگل کیے گئے ایک اور ایل ال طیارے کو تل ابیب لے جانے والے ٹیک آف کے انتظار میں تھے، ویدر کو فوری اسپتال منتقل کیا گیا اور لیلیٰ خالد کو ایلنگ پولیس اسٹیشن پہنچایا گیا۔ یکم اکتوبر کو، برطانوی حکومت نے اسے بدلے میں رہا کر دیا پہلی بار ہائی جیکنگ کے بعد اس نے اپنا بہروپ بدلنے کے لئے اوپر تلے چھ بار پلاسٹک سرجری کروائی اور اپنی صورت مکمل طور پر تبدیل کر لی۔ ایک سال بعد 6 ستمبر 1970ء کو لیلیٰ خالد نے اپنے ایک ساتھی کی مدد سے ایمسٹرڈیم سے نیو یارک جانے والی پرواز کو ہائی جیک کرنے کی کوشش کی لیکن وہ ناکام ہو گئے ایک خونریز تصادم کے نتیجے میں لیلیٰ خالد کے ساتھی کو گولی مار کر ہلاک کر دیا جبکہ اسے گرفتار کر لیا گیا اور اس جہاز کو برطانیہ کے ایک ایئرپورٹ پر اتار لیا گیا ابھی ایک مہینہ بھی نہیں گزرا تھا کہ فلسطینی جانبازوں نے ایک اور طیارہ اغوا کر کے تمام مسافروں کو یرغمال بنالیا ہائی جیکروں نے لیلیٰ خالد کی رہائی کا مطالبہ کر دیا اور یوں مذاکرات کے بعد لیلیٰ خالد کو قید سے رہائی ملی۔ لیلیٰ خالد نے اپنی خود نوشت سوانح عمری "My people shall live" میں انہوں نے اپنی کہانی لکھی ہے۔

یہ دل کو دہلا دینے والی کہانی ہے۔ یہ کتاب 1973ء میں شائع ہوئی جبکہ لیلیٰ خالد کی زندگی پر 2005ء میں Hijacker Khaled Laila نامی فلم بھی بنائی گئی اور اسے ایمسٹرڈیم کے فلمی میلے میں بڑی پذیرائی ملی۔ اس کی شادی ڈاکٹر فیاض رشید ہلال سے ہوئی وہ ہنگامہ خیز مصروفیات کے بعد اپنے دو بیٹوں بدر اور بشار کے ساتھ عمان، اردن میں رہائش پذیر ہوگئی، دنیا میں جب بھی جانباز حریت پسندوں کا تذکرہ ہوگا لیلیٰ خالد کی جرأت، بہادری اور اپنے وطن سے محبت کے لازوال جذبے کو کوئی فراموش نہیں کرسکے گا مسلمانوں میں یہ جذبہ پیدا کرنے مذہبی سکالرز، علماء کرام، اساتذہ کرام اور صحافیوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

''اقتدار کی ہوس! ملک میدان جنگ بن گیا''

نسیم الحق زاہدی

حسن بن صباح ایک ایسا فتنہ گزرا ہے جس نے عالم اسلام کو شدید نقصان پہنچایا۔ اس کا ہدف نوجوان تھے جنہیں حشیش کا نشہ پلا کر اور حسین عورت کے جال میں پھنسا کر جھوٹی جنت دکھا کر اسلامی رہنماؤں کے خلاف کھڑا کیا گیا تھا۔ اس کی فوج فرقہ پرستوں کا ایک گروہ تھا۔ آج وہی کام ملک کی بڑی سیاسی پارٹی اور اس کی لیڈرشپ کی پہچان ہے۔ پی ٹی آئی سربراہ نے اپنے مفاد اور اقتدار کیلئے اپنے ہی ملک کے نوجوانوں کے ایک گروہ اپنی ریاست، اس کی سالمیت اور ملکی و نظریاتی سرحدوں کی پاسبان و نگہبان پاک فوج کے خلاف کھڑا کر دیا ہے۔ کھلے عام جلسوں میں پاک آرمی مخالف نعرے لگوائے جاتے ہیں۔ جو کام ہمارا ازلی دشمن گزشتہ 75 برسوں میں نہیں کر سکا وہ سابق وزیر اعظم عمران خان اور ان کی پارٹی نے چند ماہ میں کر دیا۔ دشمن کے ہاں تو خوشی کے شادیانے بجائے جا رہے ہیں۔ اور ادھر یہ پی ٹی آئی ووٹر، سپورٹر ملک کو سری لنکا بنانے کا عزم لئے ہوئے ہیں۔ میرا دل لرز کر رہ گیا جب میں نے کپتان کے سپورٹروں اپنے ملک کے جوانوں کو بڑے فخریہ انداز میں یہ کہتے ہوئے سنا کہ ہم پاکستان کو سری لنکا بنا کر چھوڑیں گے، یااللہ یہ ان نوجوانوں کے ذہنوں کو اتنا زہر آلودہ کر دیا ہے کہ وہ اپنے لیڈر کی محبت میں وطن کی محبت ہی فراموش کر بیٹھے ہیں۔ انہیں کون سمجھائے کہ یہ ملک اس کی فوج ہے تو ہم ہیں ورنہ یہ تمام سیاست دھرے کی دھری رہ جائے گی اور بچے گا کیا، کچھ نہیں، انہیں عراق، شام، لیبیا اور افریقی ریاستوں کو یاد رکھے کہ ایک طاقتور و مضبوط فوج ہی پاکستان کی سلامتی کی ضامن ہے۔ پاک فوج کی لازوال قربانیوں قومی تاریخ کا روشن باب ہیں۔ ہمارے فوجی جانباز ہماری چین امن کی نیند کیلئے سرحدوں پر جانیں نچھاور کر رہے ہیں اور ادھر کرسی کی م۔الاغ میں ان کی تذلیل و تحقیر سے دشمنوں کی باچھیں کھل گئی ہیں۔ یہ دیکھ کر دل خون کے آنسو رویا کہ پی ٹی آئی کے ورکروں نے لندن میں بھارتی نژاد وزیر اعظم کے گھر کے سامنے پاک فوج کے خلاف نعرہ بازی کی اور سپہ سالار جنرل عاصم منیر کے پوسٹر اٹھا رکھے تھے جن پر توہین آمیز ریمارکس درج تھے۔ یہ باہر پلنے والے کیا پاکستانی نہیں؟ ان کی حب الوطنی بھی مشکوک ہے۔ وہ ہنود و یہود کے ملک دشمن ایجنڈے پر عمل پیرا ہے۔ درحقیقت امریکہ کا افغانستان سے انخلاء تو ہو گیا لیکن اب اس کے نشانے پر پاکستان ہے اور اب مکمل طور پر پاکستان کو عالمی سامراج کی سازشوں کی آماجگاہ بن چکا ہے۔ قبل ازیں سابق آرمی چیف جنرل باجوہ ان کا ہدف تھے۔ اب عمران نے اپنی توجہ موجودہ سربراہ پر مرکوز کر دی ہے، جیسا کہ غیر ملکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے جنرل عاصم منیر پر ان کی حالیہ تنقید اس کا ثبوت ہے۔ جبکہ گزشتہ دنوں اس کے اہم عہدیدار زلمے خلیل زادے کی پاکستان آمد اور عمران خان سے ملاقات کس جانب اشارہ کرتی ہے؟ یہ پاکستان دشمنی ان میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے یہ وہی زلمے خلیل زادے ہے جو افغان جنگ کے دوران پینٹا گون کو ہدایت دیتے تھے کہ افغان طالبان کے بجائے پاکستان پر زیادہ دباؤ ڈالا جائے۔ زلمے خلیل زادے نے کھل کر کہا کہ پی ٹی آئی والوں پر زیادتی ہوئی ہے۔ ان سے سوال ہے کہ کیا انہیں امریکی عقوبت خانوں ابو غریب جیل اور گوانتاناموبے کے مظالم یاد نہیں؟ مسلمان قیدیوں پر سفاکیت و بربریت کی انتہا کر دی گئی، کشمیر، فلسطین اور بھارت میں یہودیوں اور ہندوؤں کے ظلم دکھائی نہیں دیتے؟ امریکہ کی ہمارے اندرونی معاملات میں مداخلت کا کیا جواز ہے؟ عمران خان نے اپنی حکومت کے خاتمے کو امریکی سازش قرار دیا اور اب یہ ملاقاتیں، رابطے آخر کس جانب اشارہ ہے۔ ملک میں آگ لگائی جارہی ہے، ریاست کی رٹ کو چیلنج کیا جا رہا ہے۔ پاکستانی کو دوسرے پاکستانی سے لڑایا جا رہا ہے۔ زمان پارک میدان جنگ بنا رہا اور پولیس پر پٹرول بموں سے حملے، اسلحہ برآمد ہوا، توڑ، پھوڑ، جلاؤ گھیراؤ کیا یہ دہشت گردی نہیں تو کیا ہے۔ اپنی ریاست کو نقصان پہنچایا جارہا ہے اور یہ سب کس کی ایماء پر ہو رہا ہے۔ سنا تھا جھگڑی سیاستدانوں کی شان ہوتی ہے اور جیل جانا ان کو دوام بخشتا ہے۔ پاکستان کی تاریخ تو ایسے واقعات سے بھری پڑی ہے کہ گزشتہ 75 برسوں میں حکمران جیل گئے۔ سیاسی انتقام اور مفادات کی لڑائی میں ملکی امن و سلامتی ہی داؤ پر لگا دیا گیا ہے۔

قوم کے اہم اداروں پر تنقید کا سلسلہ جاری ہے۔ پوری دنیا میں ہم تماشا بن کر رہ گئے ہیں۔ دوسری جانب آئی ایم ایف کی جوہری اثاثوں کے حوالے سے شرائط نے قومی جوہری قوت کے خلاف عالمی استعمار کی سازش واضح ہوگئی ہے کہ ان کا ٹارگٹ عالم اسلام کی ایٹمی پاور پاکستان اور اس کی افواج ہیں۔ جس کو تقسیم کرنے اور ہمیں عراق، لیبیا، شام بنانے کے مذموم منصوبے پر عملدرآمد جاری ہے۔ معاشی مشکلات کے باوجود پاکستان کی اصل طاقت اور فخر عوام کا جذبہ اور پاک فوج کا عزم ہے جو دنیا کی چند منظم افواج میں سے ایک ہے۔ پاک فوج ہماری نظریاتی سرحدوں کی محافظ نے ہمیشہ پاکستان کی سلامتی اور استحکام کے لیے کام کیا ہے اور ہمیشہ دشمن کو ہر محاذ پر شکست دی جس کی وجہ سے دشمن اس کے ایٹمی اثاثوں اور میزائل پروگرام سے خوفزدہ ہیں۔ ایک عرصے سے یہ پروپیگنڈا کیا جارہا ہے کہ پاکستان کے ایٹمی اثاثے محفوظ ہاتھوں میں نہیں ہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ پاکستان کا ایٹمی پروگرام فول پروف کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم کے تحت ہے۔ لمحہ فکریہ تو یہ ہے کہ موجودہ سنگین حالات میں جب ہماری سالمیت خطرے میں ہیں، افسوس! حکومت اور اپوزیشن دونوں فریقین اپنی پوزیشنوں سے پیچھے ہٹنے کے لیے تیار نہیں ہیں، عمران خان کی ممکنہ گرفتاری کے اردگرد ہنگامہ جاری ہے۔

پی ٹی آئی چیئرمین کے خطاب سے ظاہر ہوتا ہے کہ پارٹی صرف پولیس کے خلاف کھڑے ہونے سے حوصلہ افزائی کر رہی ہے، اور اب مینار پاکستان پر جلسے کا اعلان کیا رنگ لائے گا؟

جس نے ج ملکی حالات کے حوالے سے تشویش اور بڑھا دی ہے۔ جس طرح سے پولیس اور پی ٹی آئی کے کارکنان پچھلے کچھ دنوں میں سڑکوں پر آمنے سامنے ہوئے ہیں، اس سے مزید جھڑپیں متوقع ہیں۔ پاکستان کی موجودہ معاشی صورتحال دن بہ دن ابتر ہوتی جارہی ہے۔ کیا ہم نے کبھی سوچا ہے کہ یہ موجودہ حالات مستقبل قریب میں ہمیں کس طرف لے جائیں گے اور اس کے طویل مدتی نتائج کیا ہوں گے؟۔ سیاسی عدم استحکام نے سیاست کو تہہ و بالا کر دیا ہے۔ حکمران اتحاد کا موقف ہے کہ اس نے ایک جائز آئینی عمل کے ذریعے اقتدار سنبھالا، اس سال ستمبر تک اپنی مدت پوری کرنے کا مینڈیٹ ہے۔ عمران اپنے انتخابات کے مطالبے سے پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں اس لئے سیاسی مذاکرات کے کسی بھی امکان کو مسترد کرتے ہیں۔ یہاں قبل از وقت انتخابات کے نتائج کے حوالے سے اہم سوالات ابھرتے ہیں۔ اگر عمران خان قطعی اکثریت حاصل کرنے میں ناکام رہے تو کیا وہ انتخابی نتائج کو تسلیم کر لیں گے؟ اگر وہ سادہ اکثریت حاصل کر لیتا ہے، تو اسے سڑکوں پر احتجاج کرنے اور محاذ آرائی کی سیاست دوبارہ شروع کرنے سے روکے جا سکے گا؟ یہ کہنا بھی غلط نہیں کہ کیا واقعی اگر وہ اقتدار میں واپس آتے ہیں تو ممکنہ انتقامی کارروائی کے خوف نے عدلیہ، بیوروکریسی اور میڈیا میں بہت سے لوگوں کو یا تو اپنا موقف نرم کرنے یا پی ٹی آئی کی حمایت کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ سیاسی تعطل کا خمیازہ بالآخر ہماری سیاست کو بھگتنا پڑے گا۔

سیاسی پولرائزیشن اپنے عروج پر ہونے سے آگ میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ سیاسی رسہ کشی ملک کو معاشی تباہی کی طرف دھکیل رہی ہے، غربت، بے روزگاری، جرائم کی شرح، اور روپے کی قدر میں کمی سب بڑھ رہی ہے۔ اس گھمبیر صورتحال سے نبرد آزما ہونے کیلئے کو ملک کو مضبوط پالیسیوں کی اشد ضرورت ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ سیاسی جماعتیں اپنے ذاتی مفادات اور اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک کی بہتری کے لیے کام کریں۔

☆☆☆☆☆

سبزہ و گل سے سجا صاف ستھرا لاہور

محسن گواریہ

2023,Mar 16

زندہ دلوں کا شہر لاہور، جہاں پنجاب کی سوہنی دھرتی کے تمام رنگ نظر آتے ہیں، کسی زمانے میں بہت زیادہ دلکشیں، حسیں، دلکش اور شاداب تھا، ہر طرف پھول کھلے ہوتے، سڑکوں کے کنارے پھل دار، سایہ دار بلند اور گھنے درخت دل و نظر کو تراوٹ دیتے، کہا جاتا ہے کہ مغل دور میں "لاہور ایک بہت بڑا باغ تھا جس میں کہیں کہیں آبادی کے جزیرے نظر آتے" مغل خود بھی باغبانی کے شوقین اور پھولوں، درختوں، ہریالی کو پسند کرتے تھے، لہٰذا سبزہ و گل اس شہر کی پہچان بن گئے۔ کسی دور میں صرف اندرون شہر میں 70 سے زیادہ باغ ہوتے تھے جن کی تفصیل تاریخ لاہور میں دیکھی جا سکتی ہے، شہر کی حفاظتی دیوار کیساتھ چاروں جانب ایک وسیع وعریض باغ ہوتا تھا جس کی کچھ باقیات اب بھی موجود ہیں، مگر دیگر علاقوں سے آبادی کا بہاؤ، بڑھتی آبادی نے اس شہر کے حسن کو گہنا دیا، گرین لینڈ پر تیزی سے ہاؤسنگ سکیمیں تعمیر ہونے لگیں، کچھ باغ اجڑ گئے کچھ سکڑ گئے اور کچھ وقت کے حکمرانوں کی بے حسی کی نذر ہو گئے، اور باغوں کا شہر کنکریٹ، اینٹوں کے ملبے کا ڈھیر بن گیا۔

اب پنجاب کی نگران حکومت نے شہر کی عظمت رفتہ بحال کرنے کا عہد کیا ہے، جشن بہاراں کیساتھ سپر لیگ کے میچز کے لئے غیر مقدری چراغاں نے شہر کو بقعہ نور بنا دیا ہے، جشن بہاراں کے سلسلے میں پھولوں کی نمائش، سڑکوں، چوراہوں کی زیبائش نے شہر کے ماضی کے تشخص کو بڑی حد تک اجاگر کیا ہے، پنجاب ہارٹی کلچرل اتھارٹی نے جشن کے سلسلے میں شہر کو ایک بار پھر باغوں اور پھولوں کا شہر بنا دیا، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ اتھارٹی نے بھی شہر کی خوبصورتی کو نمایاں کرنے کے لئے اپنا حصہ ڈالا اور صفائی مہم کے تحت شہری سڑکوں کو ماڈل بنانے، صفائی، ستھرائی، کشادگی وتوسیع کا بیڑہ اٹھایا، شاید تاریخ میں پہلی مرتبہ حکومتی سطح پر سڑکوں کی دھلائی شروع کی گئی ہے جسے دیکھ کر ایک خوشگوار حیرت ہوئی، میرے استفسار پر بتایا گیا کہ دھلائی کے لئے پینے والے پانی کی بجائے داتا صاحب کے مزار سے وضو کا استعمال شدہ پانی حاصل کیا جاتا ہے، شہر سے کچرا اٹھانے کی منظم مہم بھی شروع کی گئی ہے، نتیجے میں ہزاروں ٹن کچرا شہر کی سڑکوں، گلیوں، محلوں سے اٹھایا جا رہا ہے، جا بجا کچرا بن لگائے گئے ہیں، محسوس ہو رہا ہے کہ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ اور ہارٹی کلچر کے محکموں میں کوئی کام کرنے والے محنتی اور درد دل والے افسر لگائے گئے ہیں، پنجاب کی نگران حکومت نے اور کوئی اچھا کام کیا یا نہیں مگر شہر کے ماحول کو بدلنے کے لئے اس کی کوشش قابل تعریف ہے۔

جنرل ضیاء الحق کے دور تک شہر لاہور کی رونقیں کسی نہ کسی صورت برقرار تھیں مگر بعد میں آنے والی سیاسی حکومتوں کے لئے لاہور کی رونقیں شاید ترجیح نہ تھی، 1985ء سے پورے ایک سو برس پہلے 1885ء میں ہندوستان کے گورنر جنرل کی بیوی لیڈی ڈفرن لاہور پہنچی تو اس نے اپنے ایک خط میں اپنی والدہ کو لکھا تھا "اماں: لاہور میں چلو تو یوں لگتا ہے جیسے باغوں میں چلے جا رہے ہوں، اندرون شہر باغوں کو چھوڑیے، اس شہر کے گرد پانچ میل لمبا ایک باغ ہے جو شہر کی فصیل کے ساتھ ساتھ چلا گیا ہے اور پورے لاہور کے گرد حلقہ کئے ہوئے ہے، حقیقت یہ ہے جس وقت لیڈی ڈفرن نے لاہور دیکھا اس وقت تو یہ شہر کافی حد تک اجڑ چکا تھا، اصل لاہور ان لوگوں نے دیکھا تھا جو مغلوں کے زمانے میں پیدا ہوئے تھے، آج اگر اس دور کے لوگوں کو لاہور دیکھنے کا موقع ملے تو وہ اس شہر کی حالت زار پر خون کے آنسو روئیں گے، اس شہر کی بارہ دریوں، حویلیوں، باغوں اور محلوں کا حسن ایسے چہرے سے نوچ لیا گیا جو کچھ لیڈی ڈفرن نے دیکھا وہ آثار قدیمہ کے مشہور ماہر ڈاکٹر سیف الرحمان کے بقول اکبر، جہانگیر اور شاہ جہاں کے لاہور کی بھٹکتی ہوئی روح تھی، لاہور کے اجڑنے کی کہانی کے برعکس اس کے بسنے کی داستان بہت دلچسپ ہے پہلے پہل کس نے بسایا اور کب بسایا، اس کے تو بہت سے قصے ہیں مگر جب محمود غزنوی نے ہندوستان پر اپنے حملے شروع کئے اس وقت لاہور معمولی سا قصبہ تھا پنجاب کی راج دھانی سیالکوٹ کے پاس تھی، محمود نے اپنی ہی صف میں کھڑے ہونے والے ایاز کو لاہور کا قاضی بنایا، ایاز نے اس شہر کو پنجاب کا صدر مقام قرار دیا غزنی کے بادشاہ کا یہ غلام لاہور ہی میں مرا اور یہیں دفن ہوا، ایاز کی قبر ایک دلکش باغ میں بنائی گئی مگر بعد میں زمانے کی بے حسی نے وہ باغ اجاڑ کر وہاں ٹکسال بنادی لوگ جانتے تک نہیں کہ رنگ محل کے پاس جس جگہ ٹکسالی بازار، کسیرا بازار اور سوہا بازار آکر ملتے ہیں وہیں ایاز کی قبر موجود ہے، ایاز کے بعد دولت خان لودھی نے لاہور کو نکھارا اور سنوارا۔

مغلوں کو لاہور سے بہت لگاؤ تھا اکبر، جہانگیر، شاہ جہاں کے علاوہ کامران اور داراشکوہ جیسے شہزادوں نے اسے بڑے قرینے سے سجایا، اکبر یہاں پندرہ برس رہا اور لاہور کو نہ صرف حسن بلکہ علم کی دولت سے بھی مالا مال کیا، جہانگیر نے تو لاہور کو دارالسلطنت قرار دیا اور اسی شہر میں دفن ہونا پسند کیا، مقبرہ جہانگیر بھی دراصل ایک باغ تھا جو اب سکڑ چکا اور جس کی رعنائی ماضی کا قصہ ہوئی، اس کی ملکہ نور جہاں نے بھی اسی خاک کو سب سے بہتر جانا، شاہ جہاں کے بارے میں تو کہا جاتا ہے لاہور ہی میں پیدا ہوا اس کے بیٹے داراشکوہ نے یہاں بہت وقت گزارا، اور تہذیب کی بات کئے بغیر لاہور کی بات پوری نہیں ہوتی وہ اگرچہ جنوبی ہند کی سیاست میں ابھار رہا اور صرف دو تین مرتبہ لاہور آیا لیکن اس شہر کو اس نے بادشاہی مسجد دی جو لاہور کی انگشتری میں نگینے کی طرح جڑی ہے۔

گئے وقت میں راوی بادشاہی مسجد کے ساتھ بہتا تھا، شالیمار باغ بھی لاہور کے ماتھے کا جھومر تھا جس کی تاریخی خوبصورتی بھی اب ماضی کا قصہ بنتی جارہی ہے، اس چکا چوند ماضی کے شہر لاہور کی رونقوں، رعنائی، سبزہ و گل کو واپس لانے کی کوشش خدمت ہی نہیں عبادت بھی ہے، زندہ دلوں کے شہر کے مکین گندگی کچرے کوڑے کے شائد عادی ہو چکے تھے، سڑکوں پر گندگی کے ڈھیر کچھ اہمیت نہ رکھتے تھے ٹوٹی پھوٹی سڑکیں بھی شہریوں کیلئے شائد عذاب نہ تھیں مگر نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے شہر کو صاف ستھرا بنانے، باغوں کو آباد کرنے، سڑکوں کا دامن کشادہ کرنے کو اپنا مشن بنایا ہے جو زندہ دلان لاہور کو زندگی کے نئے رخ سے آشنا کرے گا، یہ ایسا کام ہے جو جاری رہنا چاہئے۔

پی ایچ اے شہر کی سڑکوں کو خوبصورت بنانے کے لئے پھولدار، موسمی، اور آرائشی پودے لگا رہی ہے، کیا ہی بہتر ہو کہ سیزنل پھولدار پودوں کے ساتھ بلند سایہ دار گھنے اور پھلدار درخت بھی لگائے جائیں، صنعت میں استعمال ہونے والے درختوں اور پھل دار پودوں سے خاصا ریونیو بھی حاصل ہو سکتا ہے اس لئے آرائشی پودوں کے ساتھ ساتھ کارآمد درخت لگائے جائیں۔

☆☆☆☆☆

پبلشر ڈاکٹر علیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد سب ایڈیٹر: نجم بلوچ فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر، موبائل نمبر: 0332-2364234، میاں ژاک اللہ ریذیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد، آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد، موبائل 0300-9847010 فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450 ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

تھے۔ وزیراعظم نے بھی اسکول ایپ کے اجراء پر وفاقی وزیر تعلیم اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کے فروغ کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا فروغ اہم ہے، ایک لاکھ لیپ ٹاپ پاکستان بھر کے نمایاں کارکردگی دینے والے طلبا کو دیں گے۔ وزیراعظم شہباز نے کہا کہ تعلیم کے حوالہ سے جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے تعلیم کے فروغ کیلئے یہ ایک اچھا قدم ہے، اس پر وزیر تعلیم، سیکرٹری تعلیم، چیئرمین پی ٹی سی ایل سمیت تمام متعلقہ افسران کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں اپنے 10 سالہ دور میں، میں نے دیکھا کہ اساتذہ کی تربیت کا معیار بہتر نہیں ہے، اللہ کے کرم سے اس حوالہ سے تیزی سے قدم اٹھائے گئے ہوں تاہم ابھی لگتا نہیں، پنجاب میں 40 ٹیچر ٹریننگ مراکز کی کہانی مجھے اچھی طرح یاد ہے، اسے ٹھیک کرنے کیلئے کئی اقدامات اٹھائے، وزیر تعلیم صوبوں کے ساتھ مل کر ایک مربوط پروگرام بنائیں جس میں اساتذہ کو ٹیبلٹس مہیا کئے جائیں، اساتذہ اور طلباء و طالبات کی حاضری کو ڈیجیٹلائز کیا جائے اور باقاعدگی سے سکولوں میں حاضر ہونے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پورے پاکستان میں ہونہار طالب علموں میں اس سال ایک لاکھ لیپ ٹاپ تقسیم کرنے جارہے ہیں جو کہ آٹے میں نمک کے برابر ہے، اگر ہم نے پاکستان میں اپنے بچوں اور بچیوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا ہے تو انہیں لیپ ٹاپ جیسے جدید آلات فراہم کرنے ہوں گے تاکہ پورے پاکستان میں ہماری قوم کے یہ معمار جدید تعلیم کے اسلوب سے روشناس ہوسکیں اور دنیا کے معیار کے ہم پلہ ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ووکیشنل ٹریننگ سیکٹرز کیلئے پرائیویٹ سیکٹر اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر اس پروگرام کو آگے بڑھائیں، ہمیں اپنے بچوں اور بچیوں پر سرمایہ کاری کرنا ہوگی۔

شال بقیہ 2

دہشت گردوں کے راستے سکو کے علاقے میں مسدود کردیے گئے جس کے بعد اس مقام پر دہشت گردوں اور سکیورٹی کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ فائرنگ کے نتیجے میں تین دہشت گرد ہلاک ہو گئے جبکہ ان کے قبضے اسلحہ اور بارود برآمد کر لیا گیا۔ فائرنگ کے اس تبادلے کے دوران حوالدار محمد انضر اقبال، نائیک محمد اسد اور سپاہی محمد عیسیٰ نے جام شہادت نوش کیا۔ لودھراں سے تعلق رکھنے والے حوالدار محمد انضر نے سوگواران میں 4 بیٹے اور ایک بیٹی چھوڑی، نائیک محمد اسد کا تعلق خانیوال سے ہے انہوں نے بیوی اور 1 بیٹا سوگواران میں چھوڑا جبکہ جنوبی وزیرستان کے سپاہی محمد عیسیٰ نے سوگواران میں والدین، 2 بہنیں اور 3 بھائی چھوڑے ہیں۔ آخری اطلاعات تک علاقے سے دہشت گردوں کا صفایا کرنے کے لیے آپریشن جاری تھا، پاک فوج ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے پاک کرنے کے لیے پرعزم ہے اور ہمارے بہادر سپاہیوں کی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید تقویت فراہم کریں گی۔

شال بقیہ 3

بریفنگ دی گئی اور انہیں بتایا گیا کہ جامعہ بلوچستان صوبے کا مادر علمی اور ملکی سطح کی قدیم درسگاہوں میں شمار ہوتا ہے۔ جو پانچ دہائیوں سے علم وتحقیق کو پروان چڑھانے کے لئے کوشاں ہے۔ اور صوبے کے دور دراز علاقوں کے ہزاروں طلباء وطالبات کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع مہیا کررہی ہے۔ اور صوبے کے مختلف علاقوں کے سب کیمپسز کے ذریعے اعلیٰ تعلیم کو پروان چڑھائی جارہی ہے۔ اور انہیں بتایا گیا کہ گزشتہ کئی برسوں سے جامعہ بلوچستان سمیت صوبہ وملکی سطح کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کو مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ اور جامعہ بلوچستان کے پیداواری وسائل اتنے نہیں ہیں کہ وہ اپنے مالی معاملات کو حل کرسکے۔ اور جامعہ بلوچستان انتہائی کم فیس میں اعلیٰ تعلیم اور طلباء و طالبات کو رہائش اور آمدورفت کی سہولیات مہیا کررہی ہے۔ اور جامعہ بلوچستان قدیم درسگاہ ہونے کی وجہ سے پنشنرز ملازمین کی کثیر رقم مہیا کررہی ہے۔

شال بقیہ 4

اور بہتر ملند گریجویٹس تیار کریں، جامعات آن لائن اور ہائبرڈ ذریعہ تعلیم کی مدد سے زیادہ تعداد میں گریجویٹ پیدا کریں، سماجی و اقتصادی ترقی کیلئے پاکستان کو اپنے انسانی وسائل کی فکری ترقی میں سرمایہ کاری کرنی چاہیے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق وہ پاکستان ایئرفورس ایئر وار کالج انسٹی ٹیوٹ کی سینیٹ کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ پاکستان کو 22 ملین سکولوں سے باہر بچوں کو سکولوں میں لانے، اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلوں کی شرح کو بھی بہتر بنانا ہوگا، پاکستان میں صرف 9 فیصد طلبا ایف ایس سی کے بعد جامعات میں داخلے حاصل کرتے ہیں، پاکستان ہر سال آئی ٹی اور متعلقہ شعبوں میں صرف 35000 گریجویٹس پیدا کرتا ہے، صرف 35 ہزار آئی ٹی گریجویٹس مارکیٹ کی ضروریات پورا کرنے کیلئے ناکافی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو باقی دنیا کے ساتھ رفتار برقرار رکھنے کیلئے آئی ٹی اور متعلقہ شعبوں میں گریجویٹس کی تعداد میں بہتری لانی چاہیے، جامعات اپنے فزیکل انفراسٹرکچر کو موثر طریقے سے استعمال کریں، مزید شفٹیں متعارف کرائیں، یونیورسٹیوں میں طلبا کی تعداد بڑھانے کے لیے آن لائن تعلیم کے حجم میں اضافہ کریں۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ دنیا کے 52 فیصد سائبر سیکیورٹی ماہرین کے پاس کوئی ڈگری نہیں ہے، آن لائن تعلیم کے ذریعے خود کو ہنر سے آراستہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے آئی ٹی کے شعبے میں نوجوانوں کی مہارتوں کی نشوونما کے لیے ایک آن لائن پروگرام ڈیجی سکلز متعارف کرایا، ڈیجی سکلز پروگرام سے اب تک 25 لاکھ سے زیادہ افراد مستفید ہو چکے ہیں۔ صدر مملکت کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ کراچی میں تقریباً 000,70 طلباء ایف ایس سی کا امتحان پاس کرتے ہیں نشستوں کی کمی اور محدود وسائل کی وجہ سے صرف 8000 طلباء ہی اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلہ حاصل کر سکتے ہیں۔

شال بقیہ 5

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے شیخ رشید احمد کو مقدمے میں آج فرد جرم عائد کرنے کیلئے طلب کر رکھا تھا، گزشتہ سماعت پر طبیعت ناسازی کے باعث شیخ رشید پیش نہیں ہوئے تھے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید احمد نے کہا کہ میری تاریخ تھی، میرے خلاف تمام جھوٹے مقدمات ہیں، ان کی کوئی بنیاد نہیں، پولیس بھی ہماری ہے، پولیس تھک گئی ہے، پولیس کا کوئی نقصان ہو تو وہ ہمارا نقصان ہے، یہ ملک میں آگ لگانا چاہتے ہیں، ان کے پاس الیکشن کی تیاری نہیں، صرف فراری ہے۔ سابق وزیر نے کہا کہ انہوں نے میرے گھر ڈکیتی ڈالی، میرے ٹیلی فون لے گئے، ان کو بس یہ دکھ ہے ان کی کوئی بات نہیں سن رہا، لوگ ان کی شکلیں دیکھنا پسند نہیں کرتے، جہاں یہ پریس کانفرنس کر رہے ہوتے ہیں لوگ چینل بدل لیتے ہیں، 11 ماہ میں ان کی کارکردگی صفر ہے، سارا ملک بیٹھ گیا ہے، ان کو پوری دنیا سے 5 روپے بھی امداد نہیں ملی۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ نے کہا کہ عمران خان کیلئے جیل جانا کوئی مسئلہ نہیں، حکمران عقل سے کام لیں، ملک کی معاشی، اقتصادی، سماجی کشتی ڈوب رہی ہے، اس وقت لوگ ملک میں شفاف الیکشن چاہتے ہیں، عمران خان الیکشن کے لئے تیار ہے، ہم عمران خان کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں۔

شال بقیہ 6

۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بجلی کے بحران پر قابو پایا، بہتری ایز پر کام کیا، ملک کو 2018 تک اپنے پاؤں پر کھڑا کیا، 2018 میں 11 ہزار میگاواٹ قومی گرڈ میں شامل کی۔ ملک کو دہشت گردی سے پاک کیا۔ سی پیک کو کامیاب منصوبہ دیتے، چین نے اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 2017 میں امریکا، برطانیہ اور دیگر ممالک کے سفیر یہ پوچھتے تھے کہ کیسے ان کے ملکوں کی کمپنیاں سی پیک میں سرمایہ کاری کرسکتی ہیں۔ تبدیلی کچھ کر کے دکھانے کا نام ہے۔ تبدیلی وہ چورن نہیں ہے جس کو نفرت کے کاغذ میں لپیٹ کر معاشرے میں نفرت پھیلائی جائے۔ تبدیلی نوجوان نسل کو بہتر اور روشن مستقبل دینا ہے۔ بطور وزیر منصوبہ بندی اپنی نوجوان نسل کو معیشت میں اپنا کردار ادا کرنے اور ملکی ترقی میں حصہ دار بنانے کیلئے منصوبہ سازی کرنا میرا فرض ہے۔

شال بقیہ 7

میں زمان پارک پر جو حملہ ہوا اس پر چوری سمیت دیگر دفعات کے لیے رجوع کر لیا گیا ہے، سیشن کورٹ نے نوٹس کروایا ہے ایس ایچ او سے جواب مانگ لیا ہے۔ اس مقدمے میں مریم نواز، نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی ملزم ہے، اس آپریشن میں جس نے حصہ لیا ان افسران پر بھی مقدمہ درج ہوگا جنہوں نے انتہائی ظلم کیا ہے انکو عدالتوں میں لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کے اجلاس کے بعد ایک مضحکہ خیز پریس ریلیز آئی، آٹا ایک دن میں 90 روپے مہنگا ہوا، ایک بزرگ مفت آٹا لینے گیا مگر اس کو موت ملی۔ انہوں نے کہا کہ یہ الیکشن سے بھاگ رہے ہیں۔ عمران خان اسلام آباد گئے تو پولیس نے انکے گھر پر حملہ کیا، گھر میں صرف بشریٰ بی بی اکیلی تھیں، عمران خان کے گھر پانی، آٹا، گھی، فریج سے کھانے پینے کی چیزیں سب کچھ لے گئے، سیشن کورٹس میں اندراج مقدمہ کی درخواستیں دائر کیں ہیں۔

شال بقیہ 8

کوئٹہ آتا تھا وہ بھی گزرنے کے باوجود بجلی کی وہی آئی اس وقت صوبے میں 6 گھنٹے زرعی فیڈرز کو بجلی فراہم کرنی تھی لیکن 4 گھنٹے بجلی دی جا رہی ہے حکومت اور متعلقہ کمپنی کو سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس کے حوالے سے اقدامات اٹھانے چاہئیں تاکہ اس مسئلے کا مستقل بنیادوں پر حل نکالا جاسکے حالانکہ صوبے کے لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت اور مالداری سے وابستہ ہے۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی کی قیادت میں پارلیمان کے وفد نے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی جانب سے مقرر کردہ وفد جس میں وفاقی وزراء خواجہ محمد آصف، خرم دستگیر، مصدق ملک، میر محمد ہاشم نوتیزئی اور سیکرٹری توانائی سے ملاقات کی اور بلوچستان میں توانائی کے بحران اور بجلی کی طویل بندش غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، وفاق اور صوبائی حکومت کی جانب کیسکو کے واجبات کی عدم ادائیگی کے حوالے سے آگاہ کیا، معاملات کو بہتر بنانے کی بجائے مزید خراب کیا جا رہا ہے، اور زمینداروں پر عرصہ دراز تنگ کرتے ہوئے ان کا معاشی قتل سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کیا جارہا ہے 28 جنوری 2001 میں بھی تحریک کیا گیا۔

شال بقیہ 9

لانے کا اعلان کیا ہے جس کے تحت موٹر سائیکل والوں کو پیٹرول پر 100 روپے تک سبسڈی دی جائے گی۔ مصدق ملک نے کہا کہ سستا پیٹرول صرف رجسٹریشن والی موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں پر ملے گا جس سے ڈاکیومنٹیشن کی بھی حوصلہ افزائی ہو گی۔ انہوں نے بتایا کہ سبسڈی حاصل کرنے والا شخص پیٹرول پمپ پر اپنا شناختی کارڈ اور ون ٹائم پاس ورڈ دکھا کر سستا پیٹرول حاصل کر سکے گا، ایک وقت میں صرف دو سے تین لیٹر سستا پیٹرول مل سکے گا۔ مصدق ملک کے مطابق موٹر سائیکل والے ماہانہ 21 لیٹر پیٹرول استعمال کرتے ہیں، انہیں 21 لیٹر پیٹرول سستا ملے گا، 21 لیٹر سے زیادہ استعمال کرنے پر پوری قیمت دینی پڑے گی۔

شال بقیہ 10

باہر نہیں رہے گا۔ منگل کو وزیراعظم ہاؤس میں ٹیلی سکول پاکستان ایجوکیشن کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین نے کہا کہ مختصر عرصہ میں ہم نے اہم اقدامات اٹھائے ہیں، وزیراعظم کی رہنمائی اور وژن میں ہم نے کاوشیں کیں، ٹیلی سکول اس سلسلہ کی ایک کڑی ہے، گوگل فار ایجوکیشن نے اس پروگرام میں بڑا تعاون کیا، انہوں نے کروم بکس فراہم کیں۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف نے انڈومنٹ فنڈ، لیپ ٹاپ سکیم سمیت نوجوانوں کیلئے بہت سے اہم پروگرام شروع کئے، اس کے علاوہ اساتذہ کی تربیت کے حوالہ سے بھی ڈیجیٹل پروگرام شامل ہے، معیاری تعلیم براہ راست تربیت یافتہ اساتذہ سے منسلک ہے، اس حوالہ سے کوئی بہت زیادہ بہتری نہیں تھی تاہم اساتذہ کی تربیت کے حوالہ سے ہم نے ایک جدید ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ قائم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی نصاب پر نظرثانی ایک مسلسل عمل ہے تاکہ دنیا میں ہونے والی جدت اور تبدیلیوں کے ساتھ یہ مطابقت رکھے، تعلیم کا فروغ شہباز شریف کا وژن اور ترجیح ہے، اس پروگرام کیلئے پی ٹی سی ایل نے ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کیا، تعلیم کے شعبہ میں یہ ایک اہم سنگ میل ہے، پاکستان میں 2 کروڑ 28 لاکھ بچے سکولوں سے باہر ہیں۔

شال بقیہ 11

وارننگ جیسے خطرات کا سامنا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے بھرپور انداز سے شجرکاری مہم کا آغاز کیا اس شجرکاری مہم کے تحت صوبہ بھر میں دس لاکھ پودے لگائے جائیں گے کیونکہ صوبے میں موجود قدیم جنگلات کا تحفظ بھی کیا جارہا ہے زیارت کے قدیم جونیپر درخت ہمارا قومی اثاثہ ہیں انہوں نے کہا ہر پاکستانی کو ہر سال کم ازکم ایک پودا ضرور لگانا چاہیے مٹی کٹاؤ اور زمین کی سیم سے حفاظت کے لئے جنگلات ناگزیر ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت جنگلات کے کٹاؤ میں ملوث افراد کے خلاف بھرپور کارروائی کررہی ہے کیونکہ جنگلات کا تحفظ ہی سرسبز بلوچستان کی ضمانت ہے۔

شال بقیہ 12

اتو اور جسٹس خادم حسین ایم شیخ پر مشتمل وفاقی شرعی عدالت کے بینچ نے کیس کی سماعت کی سماعت کے دوران تمام وفاقی اکائیوں کی نمائندگی اپنے متعلقہ لاء افسران نے کی، صوبہ بلوچستان کے عنوان سے ایک بل تیار کیا ہے، مجوزہ قانون کا مقصد صوبے میں بچوں کی شادی کو روکنا اور بچوں کے حقوق کا تحفظ کرنا ہے، جو کہ وفاقی شرعی عدالت کی جانب سے لئے گئے از خود نوٹس کے بعد تیار کیا گیا ہے، قانون کا مسودہ صوبائی حکومت نے صوبائی کمیشن آن سٹیٹس آف وومین اور صوبائی محکمہ سماجی بہبود بلوچستان کے ساتھ مشاورت کے بعد تیار کیا ہے۔ جو منظوری کیلئے صوبائی اسمبلی میں پیش کیا جائیگا۔

شال بقیہ 13

حفاظتی ضمانت کی درخواست پر سماعت میں پیشی کے لیے لاہور ہائی کورٹ میں پیش ہوئے۔ عمران خان کی گاڑی ہائی کورٹ کے مسجد گیٹ سے لاہور ہائی کورٹ کے احاطے میں داخل ہوئی۔ جسٹس طارق سلیم شیخ کی عدالت میں پیشی کے بعد عمران خان جسٹس شہباز رضوی اور جسٹس فاروق حیدر پر مشتمل 2 رکنی بینچ کے سامنے اسلام آباد میں درج 2 مقدمات میں حفاظتی ضمانت کے لیے پیش ہوئے۔ کمرہ عدالت میں رش ہونے کے باعث حفاظتی ضمانتوں پر سماعت کے آغاز میں تاخیر ہوئی، اس موقع پر عمران خان نے کہا کہ میں آئی دیر سے انتظار کر رہا ہوں، آپ سب لوگ پلیز عدالت خالی کر دیں، آپ عدالت خالی کریں گے تو سماعت شروع ہوگی۔ بعد ازاں سماعت کا آغاز ہوا تو عمران خان کے وکیل نے کہا کہ عدالت نے حکم دیا تھا، عمران خان آج وقت سے پہلے عدالت میں پہنچ گئے۔ جسٹس شہباز رضوی اور جسٹس فاروق حیدر نے ہدایت دی کہ درخواستوں اور حلف نامے پر عمران خان کے دستخط کرائیں۔

شال بقیہ 14

عدالت میں بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر سوال کیا کہ کیا بانجھ باجی (بشریٰ بی بی) کو ہیرے اور انگوٹھیاں لیتے ڈر لگا تھا اور ان کی چیخیں نکلی تھیں؟۔ مریم اورنگزیب نے مزید کہا کہ لاہور اور اسلام آباد میں پی ٹی آئی کارکنان کی جانب سے پولیس کے سر توڑنے، پٹرول بم پھینکنے، جوڈیشل کمپلیکس پہ مسلح جتھوں سے حملہ آور ہونے کے بعد بیوی (عمران خان کی اہلیہ) تمہاری ڈر گئی؟۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کیا اس وقت شرم اور حیا کہاں تھی جب مریم نواز کے بیڈ روم میں رات کو گھسنے کا آرڈر دیا تھا۔

شال بقیہ 15

ڈیڑھ لاکھ ٹن کے قریب گندم پہنچ چکی ہے، اس سے قبل دو بحری جہاز گوادر پہنچ کر گندم اتار کر چلے گئے۔ ملک کے مختلف صوبوں میں گندم کی ترسیل کا عمل زوروشور سے جاری۔ تفصیلات کے مطابق گوادر بندرگاہ پر مزید دو بڑے بحری جہاز روس سے گندم لیکر پہنچ گئے، دونوں بحری جہازوں میں 50 ہزار ٹن گندم ہے اس سے پہلے بھی روس سے تین سے چار جہاز آ چکے تھے۔ جبکہ مزید چار لاکھ ٹن گندم بھی گوادر پورٹ پر آئے گی۔ واضح رہے چیئرمین گوادر بندرگاہ پسند خان بلیدی نے جب سے چارج سنبھالا تو ان کی کوششوں سے حکومت پاکستان نے ملکی گندم کی کمی کو پورا کرانے کے لیے گوادر پورٹ سے گندم درآمد کرا رہے ہیں، اب تک چار جہاز گندم لے کر گوادر پہنچ گئے اس قبل دو بحری جہاز گوادر پہنچ کر گندم اتار کر چلے گئے، مزید بحری جہاز گندم لے کر پہنچیں گے۔

شال بقیہ 16

کھڑی فصلوں کو ملیامیٹ کر دیا، تحصیل محمد کنگو گوٹھ میں پانی داخل ہو گیا سابق کونسلر وزیر وفیض محمد کنگو مکینوں نے سینئر صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی اور ایم این اے لسبیلہ گوادر محمد اسلم بھوتانی سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے گوٹھ کے لیے بچاؤ بند فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ندی کا رخ ہمارے گوٹھ اور زمینوں سے بن گیا ہے جس کی وجہ سے ہر بار سیلابی ریلے گوٹھ میں داخل ہو کر نقصان پہنچاتے ہیں دریں اثنا ہماری فصلیں تباہ ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس بار ہماری گندم کی تیار فصل تھی جن کو لاکھوں روپے کے اخراجات سے تیار کیا تھا جس کی کٹائی ہونے والی تھی مگر سیلابی ریلوں سے سب خاک برد ہو گئیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے ہردلعزیز قائدین سے اپیل کرتے ہیں کہ ہمارے گوٹھ اور زمینوں کو بچانے کے لئے بچاؤ بند فراہم کیا جائے۔

شال بقیہ 17

کھڑی فصلوں کو ملیامیٹ کر دیا، تحصیل محمد کنگو گوٹھ میں پانی داخل ہو گیا سابق کونسلر وزیر وفیض محمد کنگو مکینوں نے سینئر صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی اور ایم این اے لسبیلہ گوادر محمد اسلم بھوتانی سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے گوٹھ کے لیے بچاؤ بند فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ندی کا رخ ہمارے گوٹھ اور زمینوں سے بن گیا ہے جس کی وجہ سے ہر بار سیلابی ریلے گوٹھ میں داخل ہو کر نقصان پہنچاتے ہیں دریں اثنا ہماری فصلیں تباہ ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس بار ہماری گندم کی تیار فصل تھی جن کو لاکھوں روپے کے اخراجات سے تیار کیا تھا جس کی کٹائی ہونے والی تھی مگر سیلابی ریلوں سے سب خاک برد ہو گئیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے ہردلعزیز قائدین سے اپیل کرتے ہیں کہ ہمارے گوٹھ اور زمینوں کو بچانے کے لئے بچاؤ بند فراہم کیا جائے۔

شال بقیہ 18

گوادر کے علاقے گورندانی میں واقع نئے گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو سول ایوی ایشن اتھارٹی نے محفوظ اور مکمل طور پر آپریشنل قرار دے دیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف 23 مارچ کو یوم پاکستان کے موقع پر ایئرپورٹ کا افتتاح کریں گے۔ ہوائی اڈے کی تعمیر، جس پر 230 ملین ڈالر لاگت آئی ہے، ایک منصوبے کے تحت چینی حکومت کی گرانٹ کے ذریعے مالی اعانت فراہم کی گئی ہے۔

شال بقیہ 19

دالبندین، قلات، خضدار، تربت، آواران، پنجگور، سبی، گوادر، پسنی، اور مکران میں آندھی تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج (بدھ) کو کوئٹہ، ژوب، بارکھان، سبی، جعفرآباد، نصیرآباد، زیارت، چمن، پشین، دیوانی، لسبیلہ، دالبندین، قلات، خضدار، تربت، آواران، پنجگور، سبی، گوادر، پسنی اور مکران میں آندھی تیز ہواؤں، گرج چمک کے ساتھ بارش جبکہ اس دوران شمالی اور زیریں بلوچستان کے علاقوں میں چند مقامات پر موسلادھار بارش کا امکان ہے۔

شال بقیہ 20

کے مطابق ٹی ٹی پی محسود، سوات اور باجوڑ اسکیم مرکزی قیادت سے ناراض ہیں اور علیحدگی کیلئے مشاورت کر رہے ہیں، اختلافات کی وجوہات میں سے ایک وجہ وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم ہے۔ ذرائع کے مطابق مرکزی قیادت کی جانب سے انتظامی امور میں محسود اور وزیر قوموں کو دوسرے قبائل پر فوقیت دینا، مرکزی قیادت کا اہم معاملات میں باقی گروپوں سے مشاورت نہ کرنا، افغان جنگجوؤں کو پاکستان میں دہشتگردی کیلئے استعمال کرنا بھی اختلافات کی وجہ ہیں۔ اختلافات کے باعث گزشتہ دنوں ٹی ٹی پی باجوڑ کے اہم لیڈر شیخ گل محمد اور سوات کے ڈاکٹر محمود نے مفتی نور ولی کے ساتھ جرگہ بھی کیا تاہم مفتی نور ولی کی جانب سے مطالبات ماننے سے انکار پر جرگہ ناکام ہو گیا۔

شال بقیہ 21

سننے کے بعد کیس کی سماعت 29 مارچ تک ملتوی کر دی۔ مبینہ بیٹی کی تفصیلات کاغذات نامزدگی میں ظاہر نہ کرنے کے الزام پر عمران خان کی نااہلی کیلئے دائر درخواست کی سماعت اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق کی سربراہی میں ہوئی۔ دوران سماعت وکیل درخواست گزار حامد علی شاہ نے عمران خان کا 2018ء میں جمع کروایا گیا بیان حلفی پڑھتے ہوئے کہا کہ بیان حلفی میں بچوں کی تفصیلات جمع کروائی گئیں، عمران خان نے لکھا کہ بیٹے ان کے زیر کفالت نہیں والدہ کے ساتھ رہتے ہیں، یہاں صرف زیر کفالت ہونے کا سوال نہیں، بیٹی تو شادی تک والد کے زیر کفالت ہی ہوتی ہے۔

شال بقیہ 22

نے خصوصی ملاقات کی جس میں باہمی امور اور تارکین وطن کے مسائل پر گفتگو کی گئی۔ گزشتہ روز ہونے والی ملاقات میں وزیراعظم پاکستان نے اوورسیز پاکستانیوں کو ملکی سفیر قرار دیا۔ بیرسٹر امجد ملک نے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے بھاری سیاسی قیمت ادا کر کے ریاست کی آبیاری کی ہے۔ بیرسٹر امجد ملک نے کہا کہ انہوں نے اس سے پہلے بھی وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف، وزیر خزانہ اسحاق ڈار اور گورنر پنجاب بلیغ الرحمان سے دسمبر 2022 میں اپنی ملاقاتوں میں اوورسیز پاکستانیوں کی تنظیم سازی، اوورسیز پاکستانیوں کیلئے مخصوص نشستوں کا قیام، قبضہ کے خاتمے کیلئے کمپیوٹرائزڈ لینڈ رجسٹریشن اور خصوصی عدالتیں، قومی ایئرلائن کی فوری بحالی اور اوورسیز انٹرنیشنل کنونشن کا انعقاد کروانے پر بات کی تھی جس پر وزیراعظم پاکستان، وزیر خزانہ اور گورنر پنجاب نے آمادگی ظاہر کی ہے اور غور کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تارکین وطن کیلئے لون کی سہولت، کراچی میں رکے کنٹینرز اور ڈیڈ باڈی کی ترسیل کیلئے بھی معاملات کو مذکورہ محکموں سے اٹھانے کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے بیرسٹر امجد ملک کو تفصیلی ملاقات کیلئے اسلام آباد آنے کی دعوت دی جو انہوں نے قبول کرلی۔

شال بقیہ 23

مابین پاک سعودی عرب تعلقات کو مستحکم کرنے پر بات چیت کی گئی۔ سفارتی ذرائع کے مطابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان السعود سے گفتگو کے دوران پاک سعودی عرب تعلقات کو مستحکم کرنے پر گفتگو کی، دونوں وزرائے خارجہ نے باہمی تعاون کے فروغ کے لیے نئی جہتوں کی تلاش پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خارجہ نے پاکستان اور سعودی عرب کی اعلیٰ قیادت کے مابین رابطوں کو بڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے سعودی عرب اور ایران کے مابین سفارتی تعلقات کے قیام کے فیصلے کا خیر مقدم کیا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق وزیر خارجہ نے سعودی فرمانروا شاہ سلمان کی جانب سے ایرانی صدر کو دورے کی دعوت کا خیر مقدم کیا، گفتگو کے دوران ایران سعودی عرب تعلقات کی بحالی کی صورت میں خطے پر مثبت اثرات بھی زیر بحث آئے۔

شال بقیہ 24

نیکسٹ جنریشن رپورٹ کا مقصد نوجوانوں کو صحیح سمت دینا اور نوجوانوں کو بااختیار بنا کر مستقبل میں پاکستان کا قیمتی اثاثہ بنانا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم کی معاون خصوصی نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور انہیں بہتر مستقبل کی جانب گامزن کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے، ہمارا مقصد نوجوانوں کو زندگی کے ہر شعبے میں ترقی دے کر ملک کا قیمتی اثاثہ بنانا ہے کیونکہ ہمارا ماننا ہے کہ نوجوان ہمارے ملک کا مستقبل نہیں بلکہ حال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی 68 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، نوجوانوں کی اس بڑی تعداد کو محدود وسائل میں صحیح سمت دینا ایک بہت بڑا چیلنج ہے، جب تک ہم ان نوجوانوں کی توانائیوں کو موثر طریقے سے استعمال نہیں کرتے، نوجوان ہمارا سب سے بڑا اثاثہ بننے کے بجائے درحقیقت ہمارے سب سے بڑے چیلنجوں میں سے ایک بن سکتا ہے۔ آئی ٹی سیکٹر میں تیزی سے بڑھتی ہوئی تبدیلی اور عالمی معاشی منظر نامے میں گزشتہ چند سالوں میں آئی زبردست تبدیلی کے پیش نظر ہمیں سوچنا ہوگا کہ نوجوانوں کو کس طرح مشغول کیا جائے۔

شال بقیہ 25

ٹیوٹ آف وائرولوجی کے ممکنہ روابط بھی شامل ہیں۔ بائیڈن نے کہا کہ 2021 میں عہدہ سنبھالنے کے بعد انہوں نے انٹیلی جنس کمیونٹی کو ہدایت کی تھی کہ وہ تحقیقات کے لیے اپنے اختیار میں موجود ہر ٹول استعمال کرے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کام اب بھی جاری ہے، قومی سلامتی کو نقصان پہنچائے بغیر جس قدر ممکن ہے معلومات جاری کی جائے گی۔ واضح رہے کہ کورونا وبا سے دنیا بھر میں 70 لاکھ سے زائد افراد ہلاک ہوئے تھے۔

شال بقیہ 26

پولیس کے مطابق مظاہرین پر تھانہ مناواں نی ڈی میں دہشتگردی، چوری اور ڈکیتی کے مقدمات بھی درج ہیں۔

شال بقیہ 27

اور 330 میگاواٹ کے توانائی کے منصوبوں کا افتتاح کریں گے۔ اس موقع پر افتتاحی تقریب میں ملکی و غیرملکی مہمانوں کے علاوہ تاجر رہنما اور سیاسی شخصیات بھی شریک ہونگی۔ وزیراعظم تھرپارکر میں توانائی منصوبوں کے علاوہ ترقیاتی پیکیج اور تھر کو پینے کا میٹھا پانی فراہم کرنے کے منصوبوں سمیت دیگر امور کا بھی جائزہ لیں گے۔

شال بقیہ 28

داخلہ، پولیس کے سینئر افسر شامل ہوں گے، جے آئی ٹی میں حساس اداروں کے افسران بھی شامل ہوں گے، جے آئی ٹی سات دن میں تحقیقاتی رپورٹ پیش کرے گی، جے آئی ٹی جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد میں پولیس پر تشدد کی تحقیقات کرے گی، پیٹرول بم حملوں، کالعدم تنظیموں کے تربیت یافتہ عسکریت پسندوں سے متعلق حقائق جمع کئے جائیں گے۔ جوڈیشل کمپلیکس کا گیٹ توڑنے، پتھراؤ، موٹر سائیکل اور گاڑیاں جلانے کے تمام شواہد جمع کئے جائیں گے املاک کی توڑ پھوڑ، آتش زنی، کار سرکار میں مداخلت اور تشدد کے پہلوؤں کا احاطہ کیا جائے گا، پولیس پر آنسو گیس شیل کس نے چلائے، کس نے مہیا کئے، کا بھی تعین کیا جائے گا، جے آئی ٹی ریاستی اداروں کے خلاف عوام کو اکسانے، تشدد پر بھڑکانے کے ذمہ داروں کا تعین کرے گی، جے آئی ٹی کی رپورٹ کی روشنی میں حکومت مزید قانونی کارروائی کا فیصلہ کرے گی۔

شال بقیہ 29

لیے زور دیا ہے۔ دوسری جانب سری لنکا کی حکومت نے آئی ایم ایف کی شرائط پوری کرتے ہوئے ٹیکس دو گنا کر دیے جبکہ توانائی کے نرخوں میں تین گنا اضافہ اور سبسڈی بھی کم کر دی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ برس بہت بڑے معاشی بحران کا شکار ہو کر سری لنکا قرضوں کی عدم ادائیگی کے باعث اپنی تاریخ میں پہلی بار دیوالیہ ہو گیا تھا، جس کے باعث ملک میں ایندھن، توانائی، بجلی سمیت دوائیوں اور غذائی اجناس کی شدید قلت پیدا ہوگئی تھی اور ملک میں مہنگائی اپنے عروج کو پہنچ گئی تھی۔

شال بقیہ 30

تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے فوکل پرسن حسان نیازی کو دو روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا ہے۔ تفتیشی افسر کی جانب سے حسان نیازی کے 7 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی تھی۔ حسان نیازی سے متعلق فیصلے کے بعد عدالت میں پی ٹی آئی کارکنان نے نعرے بازی کی۔ معزز جج کی جانب سے فیصلے سناتے ہی عدالت میں پی ٹی آئی وکلا نے بھی [illegible] کے نعرے لگائے۔

شال بقیہ 31

نیب بھی کال نوٹس ختم کریں نہیں تو عدالت سے رجوع کیا جائے گا۔ نیب نے 2 روز قبل فرحت شہزادی عرف فرح گوگی کو توشہ خانہ کیس میں تحقیقات کیلئے طلب کیا تھا۔ نیب کی جانب سے عمران خان کے تحائف فروخت میں کردار پر فرحت شہزادی کو ڈی ایچ اے لاہور کے پتے پر ارسال کیے گئے نوٹس میں 21 مارچ کے روز پیش ہونے کی ہدایت کی گئی تھی۔

شال بقیہ 32

جائے گا۔ سرکاری دستاویز کے مطابق رمضان بازار میں چینی فی کلو 100 روپے، آٹا پر 52 روپے اور چینی پر 30 روپے فی کلو سبسڈی ملے گی جبکہ 10 کلو آٹے کا تھیلا 400 روپے، گھی 300 روپے میں دستیاب ہوگا۔ بی آئی ایس پی کے تحت اسٹورز پر چینی 70 روپے فی کلو میں ملے گی جبکہ بیسن، کھجور پر 50.50 روپے مشروبات پر صارفین کو 15 روپے کی سبسڈی دی جائیگی۔ دستاویز کے مطابق عام صارفین کو آٹے پر 27 روپے اور چینی پر 11 روپے گھی پر 25 روپے فی کلو سبسڈی فراہم کی جائے گی جبکہ عام صارفین کو 10 کلو آٹا 648 روپے، گھی 490 اور چینی 89 روپے فی کلو میسر ہوگی جبکہ تمام صارفین کو دالوں پر 20 روپے فی کلو سبسڈی ملے گی، یوٹیلٹی اسٹورز پر کوکنگ آئل پر 25، چائے پر 100، دودھ پر 30 اور مصالحوں پر 10 فیصد رعایت میسر ہوگی۔

شال بقیہ 33

ہو بال میں منعقد ہو رہی ہے۔ نمائش دیکھتے ہوئے مجھے یہ احساس ہوا کہ چین اور پاکستان کے درمیان ثقافتی تعلقات اور تبادلوں کی تاریخ بہت زیادہ طویل ہے، اور پاکستان کے ساتھ میری جذباتی وابستگی مزید گہری ہوگئی۔ منگل کے روز چینی میڈیا کے مطابق معلوم ہوا ہے کہ اس بار مجموعی طور پر 203 ثقافتی آثار (سیٹ) کی نمائش کی جارہی ہے۔ ان میں پاکستان کے دوسری صدی قبل مسیح سے لے کر دسویں صدی عیسوی تک کے آثار قدیمہ کی کھدائی سے ملنے والے 173 ثقافتی آثار (سیٹ) اور پیلس میوزیم میں محفوظ 30 اشیا (سیٹ)، جن میں سے زیادہ تر قدیم گندھارا خطے سے قدیم شاہراہ ریشم پر سوات اور کشمیر کے راستے چین کے مغربی تبت میں داخل ہوئے تھے، شامل ہیں۔

شال بقیہ 34

گئی برسے جس کے نتیجے میں ہونے والی خشک سالی کے باعث 43 ہزار افراد ہلاک ہوگئے۔ رپورٹ میں خدشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ خشک سالی کی وجہ سے رواں سال کے ششماہی میں اموات میں اضافہ ہوسکتا ہے، اس دوران اموات کی تعداد 18 ہزار سے 34 ہزار 200 تک پہنچ سکتی ہے۔ اقوام متحدہ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ بارشیں نہ ہونے کی وجہ سے 50 لاکھ کو خوراک کی شدید قلت اور تقریباً 20 لاکھ بچے غذائی قلت کے خطرے سے دوچار ہیں۔

شال بقیہ 35

کے اندر خواتین کو مرکزی دھارے میں لانے اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے چین کی ذمہ داریوں کے مطابق ہے سماجی شعبے میں ایک اہم پیشرفت کے طور پر، گوادر میں خواتین کو معاشرے میں باعزت زندگی گزارنے کے لیے مقامی گارمنٹس فیکٹری میں ملازمتیں ملیں گی۔ گوادر ویمن فیکٹری جسے گوادر ویمنز ڈویلپمنٹ امپاورمنٹ سینٹر بھی کہا جاتا ہے 2020 سے چینی قونصلیٹ کراچی کے تعاون سے کام کر رہا ہے اور اس کا انتظام چائنا اوورسیز پورٹ ہولڈنگ کمپنی کی گوادر ویمن ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کے زیر انتظام ہے۔ گوادر پرو کے مطابق یہ چین کے بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو (BRI) کی گہری بصیرت کے تحت وجود میں آیا ہے تاکہ حاصل کرنے والے ممالک میں صنفی مساوات اور خواتین کو بااختیار بنانے پر نمایاں اثر ڈالا جاسکے۔ سلائی کے متعلقہ آلات، ہموار اور روشن ماحول، انتظامی کمرے اور سٹور سے لیس گوادر ویمن گارمنٹ فیکٹری شہر کا ایک جانا پہچانا نام بن چکی ہے۔

شال بقیہ 36

ایجروڈ کا قیام، پارکنگ پلازہ جات کی تعمیر، مختلف چوراہوں پر ٹریفک سگنلز کی تنصیب، تنگ سڑکوں کو چوڑا کرنا، سڑکوں پر موٹر سائیکل اسٹینڈز کا خاتمہ اور شہر میں بلڈنگ کوڈ پر عمل درآمد کروانا بے حد ضروری ہے۔ ٹریفک پولیس انتہائی محدود وسائل اور کم نفری کے باوجود شہر میں ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات اٹھا رہی ہے آئی جی پولیس نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک میں ٹریفک پلان تشکیل دیا جائے تاکہ لوگ زیادہ سے زیادہ ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔

شال بقیہ 37

کہا کہ نئے فیڈر کے افتتاح سے وولٹیج کا مسئلہ حل ہوجائے گا بلوچستان میں لوڈشیڈنگ کی کمی کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں حکومت ملک بھر میں لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لئے پرعزم ہے جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں توانائی کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے لئے سولر اور ونڈ انرجی سورس کی طرف دیکھنا ہوگا انہوں نے کہا کہ عوام سے جو وعدے کئے تھے انہیں پورا کرنے کی کوشش کررہے ہیں عوام کے مسائل بروقت حل کرنا ہماری ذمہ داری ہے ہمیشہ اجتماعی نوعیت کے مسائل کے حل کو اہمیت دی ہے۔

شال بقیہ 38

نقیب اللہ نیازی، ڈائریکٹر منیجمنٹ ڈاکٹر شیر احمد ساتکزئی، ماہر امراض اطفال ڈاکٹر گل ترین، ڈائریکٹر فنانس شاہ زیب اسلم، پرسنل اسٹاف آفیسر حاجی عمران اختر، اسٹاف آفیسر وزیر صحت ڈاکٹر علی اور دیگر معاونین موجود تھے۔ چیف ایگزیکٹیو بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کوئٹہ پروفیسر حبیب اللہ بابر نے بریفنگ میں بتایا کہ بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کوئٹہ میں مختصر عرصے میں کئی تعمیراتی منصوبے مکمل کیے گئے بچوں کے آئی سی یو، بریسٹ فیڈنگ کارنر، بلڈ ڈونر، الٹرا ساؤنڈ، ان ڈور اور آؤٹ ڈور مریضوں کے ABG ٹیسٹ، جدید سہولیات سے آراستہ ایمبولینس، سینٹرل آکسیجن سسٹم اور سولر سسٹم کی سہولیات فراہم کردی گئیں۔ بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کوئٹہ جدید ترین مشینری سے لیس ہے۔

شال بقیہ 39

سید محمد اشاملک یوسف کاکڑ اور دیگر اراکین بھی موجود تھے، رکن قومی اسمبلی مولانا کمال الدین نے کہا کہ عوام کو درپیش عوامی مسائل کو بروقت حل کرنے کی خاطر انقلابی اقدامات سے دوررس نتائج برآمد ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے منتخب عوامی نمائندوں نے ہمیشہ علاقے کی ترقی کیلئے کام کیا ہے، آج پشین، برشور کاریزات اور حرمزئی میں ترقی اور ترقیاتی اسکیمات کے جو آثار نظر آرہے ہیں وہ جمعیت علماء اسلام ہی کی مرہون منت ہے، انہوں نے کہا کہ ماضی میں علاقے کو تحت پسماندہ رکھا گیا، لیکن جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ اجتماعی ترقی کو ترجیح دیتے ہوئے علاقے میں تعلیم صحت اور انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے کام کیا۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں دیگر شاہراہوں سمیت مختلف اسکیمات کے تحت ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا جارہا ہے اور ہم کبھی بھی عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔

شال بقیہ 40

بیرونی سازشوں کے مقابلے کے ساتھ ساتھ ہر مشکل وقت میں پاکستان کے عوام کی فلاح کے امور میں فرنٹ لائن پر بے مثال کام کیا ہے اور پوری قوم کو اپنی پاک فوج پر فخر ہے کچھ عناصر کی جانب سے بیرون ملک سربراہ پاک فوج کے خلاف ہرزہ سرائیاں ناقابل برداشت عمل ہیں جس میں وہ عناصر ملوث ہیں جو پاکستان کو غیر مستحکم دیکھنا چاہتے ہیں ایسے کرداروں اور ان کے آلہ کاروں کو کیفرکردار تک پہنچانا ضروری ہے انہوں نے کہا کہ پاک فوج ہماری نظریاتی اساس و سرحدوں کی محافظ ہے اور افواج کے خلاف پروپیگنڈہ کسی صورت بھی قابل برداشت نہیں ایسی گھٹیا حرکتوں سے ہر محب وطن پاکستانی کی دل آزاری ہوئی ہے۔

شال بقیہ 41

قل حافظ دوست محمد نے کہا ہے کہ آل پارٹیز کانفرنس کا مشترکہ اعلامیہ عوام کے حقوق کی آواز ہے، صوبائی حکومت اے پی سی کے تحفظات دور کرنے کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان کو قدم اٹھانا ہوگا۔ جمعیت کے زیر اہتمام آل پارٹیز کانفرنس میں سیاسی و مذہبی اور قوم پرست جماعتوں نے جو نکات اٹھائے وہ قابل توجہ ہیں، کوئٹہ کے مسائل کے حل کیلئے تمام جماعتوں کو ساتھ لے کر چلیں گے۔ دریں اثناء ممتاز قبائلی و سیاسی رہنما محمد خالد بنگی سینکڑوں ساتھیوں سمیت جمعیت علماء اسلام میں شمولیت کا اعلان کیا، جس کا مرکزی و ضلعی قائدین نے خیر مقدم کرتے ہوئے دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔

شال بقیہ 42

فلیگ مارچ اور مختلف پروگرامز منعقد کرنے کی اس سلسلے میں کل تفصیل تبادی میں ریلی بھی نکالی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر زیارت شبیر احمد بادینی نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر کی طرح ضلع زیارت میں بھی تیس مارچ جوش و خروش سے منایا جائے گا اس سلسلے میں تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہے انہوں نے کہا پاکستان ہم سب کا مشترکہ ملک ہے اس کی ترقی کے لیے سب کو کردار ادا کرنا ہوگا یہ ملک ہمارے بزرگوں کی قربانیوں کی وجہ سے ہمیں ملا ہے ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کی قدر کرنی چاہیے اور یہ عہد کرنا چاہیے کہ اس ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے ہر اول دستے کا کردار ادا کریں گے۔

شال بقیہ 43

جس کا طلبہ نے انتہائی دلچسپ جوابات دیئے اس موقع پر طلبہ و طالبات میں یونیفارم بھی تقسیم کیا گیا ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت ولی کاکڑ نے سکول کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حصول علم پر توجہ دینے میں ہی ترقی وخوشحالی کا راز مضمر ہے اس لئے شعبہ تعلیم اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ علم کی بل بوتے پر ہی قومیں دنیا پر حکمرانی کررہی ہے حصول علم کے بغیر ترقی وخوشحالی کا سوچا بھی نہیں جاسکتا۔

شال بقیہ 44

کے مطابق پشتر میں نادرا دفتر کے عملے رویے اور ہٹ دھرمی کے باعث صارفین بری طرح رل گئے ہیں تعلیمی اداروں اور بی آئی ایس پی میں بے فارم کے شرط پر شہریوں کی بڑی تعداد میں بے فارم اور شناختی کارڈ کے حصول میں نادرا دفتر کے چکر لگانے والے شہری مایوس ہو کر لوٹنے لگے ہیں نادرا میں بدنظمی شکایات اور عملے کے غیر اخلاقی رویے کے خلاف شہریوں میں شدید غم وغصہ پایا جارہا ہے اس سلسلے میں پشتر کے عوامی حلقوں نے چیئرمین نادرا سے اپیل کی ہے کہ پشتر میں نادرا دفتر کے عملے کے رویے کا نوٹس لے کر عوامی مسائل حل کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔

شال بقیہ 45

مندر کے سالانہ میلے کے حوالے اہم میٹنگ میں کیا۔ چیف سیکرٹری بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان نصیر احمد ناصر کی صدارت میں اہم اجلاس ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ فرحان سلیمان رونجھو، ایس ڈی او بی اینڈ آر خلیل احمد، سب انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ محمد رمضان نے شرکت کی اس موقع پر ہنگلاج شیوا منڈلی کے عہدیداروں نے ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ فرحان سلیمان رونجھو نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بریفنگ دی اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان نصیر احمد ناصر نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا لانگو اور چیف سیکرٹری بلوچستان ہنگلاج ماتی مندر کے سالانہ میلے میں ہندو یاتریوں کو تمام سہولیات فراہم کرنے میں دلچسپی لے رہے ہیں انہوں نے کہا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کی ہدایت پر ضلع لسبیلہ کا دورہ کر کے ہنگلاج شیوا منڈلی کے عہدیداروں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل معلوم کرنے کے لئے آیا ہوں۔

شال بقیہ 46

عمران کمال میڈیا رپورٹر (BPS-17) کو قائمقام پرائیویٹ سیکرٹری ٹو سپیکر (BPS-18) اور محمد فاروق جعفر اللہ عرفان اللہ اردو رپورٹر (BPS-17) اور فیصل سلیم انگریزی رپورٹر (BPS-17) کو ٹائم سکیل میں (BPS-18) میں ترقی دے دی گئی ہے۔

شال بقیہ 47

بچے اور گھر بار چھوڑ کر شدید بارشوں کے موسم اور انتہائی مشکلات میں حکومت کی طرف سے ناقص انتظامات کے باوجود اساتذہ کرام ملکی خدمات کی خاطر مردم شماری کی ڈیوٹی احسن طریقے سے سرانجام دے رہے ہیں۔ لیکن افسوس کہ مرغہ کبزئی کے ایریا میں بغیر سیکیورٹی کے ڈیوٹی پر مامور اساتذہ کو دھمکیاں مل رہی ہیں متعلقہ ایریا کے سپروائزر نے کئی بار کنٹرول روم سے بھی رابطہ کیا اور دھمکی دینے والے کے فون نمبر بھی شیئر کئے لیکن افسوس کہ انتظامیہ بشمول مردم شماری کے آفیسران خاموش ہیں۔ متعلقہ ایریا کے سپروائزر اور شمارکنندہ نے ایس ایچ او مرغہ سے بھی رابطہ کیا لیکن بدقسمتی سے ایس ایچ او ہونے بھی انکا اساتذہ کو دھمکیاں دیں۔ جی ٹی اے ژوب کے صدر نے بروقت اسسٹنٹ کمشنر ژوب کو صورتحال سے آگاہ کیا لیکن افسوس کہ اسسٹنٹ کمشنر ژوب بھی شاید بے بس نظر آرہے ہیں۔

شال بقیہ 48

کرونا الاؤنس کی عدم ادائیگی میں سست روی پولیو الاؤنس میں مہنگائی کے تناسب سے اضافہ ایسوسی ایشن کے ساتھ جوائنٹ ایکشن کمیٹی صوبائی کابینہ کے جانب سے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو تین ماہ قبل پیش کردہ 9 نکاتی چارٹر آف ڈیمانڈ ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ آفس سروسز اسٹیکر برانچ میں کمیٹی کے تعیناتی تمام ایجنڈہ پر صوبائی کابینہ کے ممبران نے تفصیلی گفتگو کی جن اضلاع کا ایکشن ٹائم پریڈ مکمل ہو چکا ہے رمضان شریف کے بعد انکا فوری طور الیکشن پراسس مکمل کی جائے گی کرونا الاؤنس کے حوالہ سے ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ اور ای پی آئی کے صوبائی کوآرڈینیٹر سے ٹیلیفونک بات ہوئی دونوں ذمہ داران نے فوری اور رمضان شریف سے قبل ادائیگی کو یقین دہانی کرائی اگر پھر بھی مسئلہ حل نہیں ہوا تو ای پی آئی کے صوبائی آفس کے سامنے ایک پر امن احتجاجی دھرنا دیا جائیگا۔

شال بقیہ 49

کے جوان امن کے نہ صرف خواہشمند ہے بلکہ آج کے اس سیمینار کی شکل میں متحرک بھی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے بچے جو سکولوں، کالجز اور یونیورسٹیوں میں پڑھتے ہیں انہی نے بلوچستان کے اچھے مستقبل کی بھاگ دوڑ سنبھالنی ہے۔ ہماری اس جوان نسل نے یہاں کے قوم پرستی جو کہ ایک دھوکہ ہے کو رد کر کے بلوچستان کو تعمیر وترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔ یہاں بلوچستان میں 65 ایم پی ایز صاحبان جو الیکشن لڑ کر اسمبلی میں آتے ہے، جنکے پاس تمام تر وسائل کے تقسیم پر اختیار حاصل ہے کیونکر اپنا کردار ادا کرنے سے کترا رہے ہیں؟ کیا پنجاب یا پھر ملک کے دیگر صوبوں سے انکا تعلق ہے؟ پھر کہا جاتا ہے کہ ہمیں کوئی اختیار حاصل نہیں ہے تو اگر اختیار حاصل نہیں تو پھر اسمبلی سے مستعفی کیوں نہیں ہوتے؟ کیا وجہ ہے کہ صاحب اختیار امیر ہو رہے ہیں اور عوام کا بھوک و افلاس سے کچومر نکالا جاتا ہے جبکہ مورد الزام ہمارے دفاعی اداروں کو ٹھہرایا جاتا ہے۔ اسی بھوک و افلاس سے مجبور ہو کر یہاں کے بلوچ کو پہاڑوں کا رخ کر رہے ہیں کوئی پوچھتا کیوں نہیں۔

شال بقیہ 50

سریاب دن، سریاب نو، شاہنواز، اے ون سٹی جبکہ مری آباد گرڈ اسٹیشن کے بنی فیڈروں سے (روزانہ) دن 12 بجے دن سے شام 4 بجے شام بجلی بند رہے گی۔ اس کے علاوہ 23 مارچ (بروز جمعرات) سریاب گرڈ اسٹیشن کے سرکی روڈ فیڈر سے صبح دس بجے سے دن ایک بجے تک جبکہ ای گرڈ کے منی مارکیٹ فیڈر دن 12 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی بند ہوگی۔

شال بقیہ 51

کیا۔ سفیر بلوم، جو کہ ایک تجربہ کار سفارت کار ہیں، جنہوں نے اس سے قبل تیونس میں خدمات سرانجام دی تھیں، نے دونوں ممالک کے درمیان 75 سالہ دوطرفہ تعلقات، خاص طور پر دہائیوں پر محیط ترقیاتی اشتراک پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے ملک بھر میں اسکولوں، ہسپتالوں اور شاہراہوں کی تعمیر کے ساتھ ساتھ سکالرشپ پروگراموں کے ذریعے تعلیم کے لئے معاونت کی کاوشوں کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے ذاتی اور پیشہ ورانہ رابطہ کا ایک ایسا نیٹ ورک بنایا ہے جس نے پاک امریکہ تعلقات کی بنیاد کو مزید مضبوط کیا ہے۔ سفیر بلوم نے قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے کیے گئے اقدامات پر روشنی ڈالتے ہوئے 2005 کے زلزلے اور 11-2010 سے لیکر حالیہ (2022) کے سیلاب سے آنے والی تباہی کے اثرات کو کم کرنے کے لیے امداد کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

شال بقیہ 52

والے افراد کے لواحقین کی دادرسی کے لئے انہیں سرکاری طور پر معاوضہ ادا کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے اس حوالے سے اتوار کو ضلع ژوب انتظامیہ سے بھی رابطہ کیا سمیع اللہ مندوخیل نے کہا کہ گزشتہ روز خشت بھٹہ کے قریب دریائے ژوب میں بارش کے بعد سیلاب کے باعث ایک ہی خاندان کے دو افراد ڈوب کر جاں بحق ہوگئے جن میں سے ایک شخص کی لاش برآمد کر لی گئی ہے تاہم دوسرے شخص کی لاش تاحال نہ ملنے سے انکے لواحقین شدید کرب میں مبتلا ہیں ڈوبنے والے دوسرے شخص کی لاش کو فوری طور پر تلاش کر کے اسے ورثاء کے حوالے کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ژوب میں ڈوبنے والے افراد کے لواحقین کو سرکاری سطح پر معاوضے کی ادائیگی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بارشوں سے ہونے والے نقصانات کا بھی ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں محکمہ موسمیات کی جانب ایک بار پھر شدید بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے انتظامیہ حفاظتی اقدامات اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کے لئے اقدامات کو یقینی بنائے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو بروقت روکا جاسکے۔

شال بقیہ 53

جہالت کی تاریکی میں واضح طور پر کمی آئے۔

شال بقیہ 54

سے خضدار تبادلہ سمجھ سے بالاتر اور باعث تشویش ہے ان خیالات کا اظہار اعجاز احمد رونجھو ساجد خالق عاشق علی۔ رونجھو عابد علی خاشکیلی۔ وسیم رونجھو نے یہاں این این آئی عوامی پریس کلب بیلا کے صحافیوں سے کیا انہوں نے کہا کہ ایس ایچ او بیلا انسپکٹر ملک عبدالجبار رونجھو کا بیلا سے خضدار تبادلہ تعجب کن ہے ملک عبدالجبار رونجھو نے دو ماہ کے مختصر عرصہ میں بحیثیت اسٹیشن ہاؤس آفیسر تھانہ بیلا کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کا گھیرا تنگ کر دیا۔

شال بقیہ 55

کے واقع ہونے کے وجہ سے کوئی متبادل راستہ نہیں ہیں اتنے بڑی آبادی کا کوئی پرسان حال نہیں ہیں انہوں نے ایم پی اے وانٹک وفاقی وزیر مملکت حاجی احسان اللہ ریکی اور دیگر حکام اعلیٰ سے اپیل کی ہے کہ وہ ان علاقوں کے لیے متبادل روڈ کے بندوبست کریں تاکہ عوام مزید پریشانیوں اور جنجال سے بچ سکے۔

شال بقیہ 56

نے سیاسی تنظیم پر جاکر اس پٹرول پمپ کو سیل کیا اور الزام لگایا کہ یہ ایرانی پٹرول چلاتا ہے جبکہ اوستہ محمد میں درجنوں کی تعداد میں ایرانی پٹرول پمپ چلتے ہیں انہیں بند نہیں کیا اور اسے ہی اوستہ کیا کمال اندھیر نگری چوپٹ راج کا دور چل رہا ہے۔

شال بقیہ 57

میں مفرور ملزمان امیر حسن عبدالحق کو گرفتار کر کے حوالات میں بند کر دیا۔ ملزمان مقدمہ نمبر 23/6 جرم A/337 میں مفرور تھے جرائم پیشہ افراد کے خلاف ایسی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

شال بقیہ 58

بلوچستان اور ڈی آئی جی پولیس نصیرآباد نے خصوصی ہدایت کی کہ پاکستان سٹیزن پورٹل کے حوالے سے عوام کی جو بھی جائز شکایات ہیں ان کو فوری طور پر حل کیے جائیں تاکہ لوگ اپنی شکایات سے متعلق مکمل طور پر مطمئن رہیں انہوں نے مزید کہا کہ زخمی شخصیات، ملزمان کی عدم گرفتاری، ناقص تفتیش اور دیگر نوعیت کے مسائل حل کرنے کے لئے دن رات کوشاں ہیں تاکہ عوام کی مشکلات ان کی دہلیز پر حل ہوسکیں اجلاس میں اے ڈی آئی جی نصیرآباد امیر جان گشکوری بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 59

کہ شہر میں وہ نہیں لڑتے تھے کہ پولیس ہے لیکن اب باہر تو لڑنے کی بجائے شہر میں لڑنا بہتر سمجھتے ہیں کیونکہ قانون انتہائی کمزور ہو گئی ہے یہاں تک کئی واقعات تھانے کے سامنے ہوئے۔ اس کے علاوہ ویسے قتل بھی ہوئے جو سب پتہ ہونے کے باوجود وہ قتل گم ہو گئے آج تک ان قتلوں کے قاتل ظاہر نہ ہو سکے بلکہ ان قتلوں کے بھاری رقم پولیس نے لیکر اس کیس کو سرد خانے میں رکھ دیے حیرت اس بات کی اگر پولیس کسی قاتل کو پکڑ بھی لیتی ہے تو عدلیہ میں ان کو سزا نہیں کیونکہ تفتیش ایسی ہوتی ہے کہ عدلیہ بھی سزا نہ دے سکتی ہے۔

شال بقیہ 60

رائے سے منتخب ہوئے۔ شاہ محمد کاکڑ نے منتخب ہونے کے بعد تمام ممبرز ساتھیوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ قلم میکرز بہت سارے مشکلات کا شکار ہیں۔ اور بلوچستان میں حکومتی سطح پر بہت کم مواقع ملتے ہیں۔

شال بقیہ 61

علاقائی معززین معتبرین نے کثیر تعداد میں شرکت کی آگاہی واک کی شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جو کچھ شہر کے مختلف عوامی مقامات سے ہوتے ہوئے پریس کلب کچھ پہنچے وہاں سے ہوتے ہوئے دوبارہ گورنمنٹ اسکول پہنچا جہاں داخلہ مہم کے حوالے سے باقاعدہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا سیمینار سے اسسٹنٹ کمشنر محمد عرفان ظفر کچھی ای ایس پی (ڈی پی ایس) کچھی کے ڈسٹرکٹ منیجر محمد اعظم مری سی پی ڈی کے محمد حنیف گورنمنٹ ہائی اسکول کچھ کے ہیڈ ماسٹر عبدالغفار کرد سرکل سپروائزر محمد گہور خان رند ایم جی سالانی ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آگاہی واک اور سیمینار کا مقصد عوام میں شعور اجاگر کرنا ہے کہ ہم سب اپنے بچوں پر توجہ دیں اور ان کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کیلئے اسکولوں میں داخل کرائیں کیونکہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے دیہی علاقوں کے علاوہ شہر میں بھی بہت کم بچے سکول جاتے ہیں۔

شال بقیہ 62

کے ضلع قلعہ سیف اللہ کو وفاقی وصوبائی حکومتوں نے آفت زدہ قرار دیا تھا لیکن بدقسمتی سے اب یہاں زمینداروں کو کوئی ریلیف نہیں دیا جارہا ہے زمینداروں کو مون سون کے تباہ کن بارشوں نے مکمل طور پر تباہ کیا تھا جس کے بعد وزیراعظم شہباز شریف نے قلعہ سیف اللہ کا خصوصی دورہ کیا تھا لیکن وزیراعظم کے ریلیف کی دعوے بھی وعدوں کی شکل میں غائب ہو گئے۔

شال بقیہ 63

شیر ظفر علی صاحب احکامات کی روشنی اور ایس ایس پی پولیس جناب انجینئر محمد یوسف کریم بھنگر صاحب کی خصوصی ہدایات پر منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔

شال بقیہ 64

محسنی محمد عمر جتک ملک وحید کاسی حاجی سیف اللہ ترین عابد بٹ عارف خان لہڑی محمد عمر جتک ظفر خان رند حبیب اللہ لانگو حاجی یوسف کرد منظور احمد فضل محمد یوسفزئی نصیر احمد رند سید اسماعیل شاہ عطا محمد مری امان اللہ خان حبیب اللہ حاجی مشتاق احمد مومندرہ منیر احمد پندرانی اور دیگر عہدیدار رہنماؤں نے بیان میں بلوچستان نیشنل پارٹی کوئٹہ کے صدر اور سینٹرل کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے عہدیدار رہنماؤں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور پارٹی رہنما غلام نبی مری سمیت سوگوار خاندان کے تمام افراد کو صبر جمیل عطا کرے۔

شال بقیہ 65

سردار اکبر خان ترین نے کہا کہ چار سال بعد بلدیاتی انتخابات کروا کر اقتدار کو نچلی سطح پر منتقل کر دیا گیا ہے، شہر کے عوام کے مسائل کو ان کی دہلیز پر حل کیلئے بلدیاتی نمائندوں کا فعال کردار ناگزیر ہے۔ میونسپل کارپوریشن کے کونسلروں کو اپنے عوام کے مسائل کے حل اور ان کی مشکلات کے خاتمے کیلئے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لانی ہوگی، تاکہ عوامی مسائل بہتر طریقے سے حل ہوسکے۔

TENDER NOTICE

The ADMINISTRATION (COLLEGE DIRECTORATE) invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2023 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates.

Tender Fee Rs.1000/- and bid Security 2% **TSE-222303272823**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Repair of Class Room, Washrooms, Office, Bachelor Lodge,& Student Hostel Govt: Boys Degree College Awaran and Repair of building Govt: Boys Degree College Mashkay	17,000,000/-

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 11,900,000 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **05 April, 2023** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **05 April, 2023** till **10:00 AM** **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **11:00 AM Address:** Planning Section Directorate of Colleges & Higher Education Balochistan Quetta
Phone no: 3333309369 **Fax no:** 0819202676
Email: mgulsabir.ms@gmail.com

DIRECTOR COLLEGES & HIGHER EDUCATION BALOCHISTAN QUETTA

PRQ No.3017/21-3-2023

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

شہر میں بلڈنگ کوڈ پر عملدرآمد کروانا بے حد ضروری ہے، آئی جی بلوچستان

کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور قوانین پر عملدرآمد کرانے کے حوالے سے سخت اقدامات ناگزیر ہیں

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ٹریفک کے نظام کی بہتری کے لئے ماڈل روڈ تشکیل دینگے، عبدالخالق شیخ

کوئٹہ (ع ن) آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور قوانین پر عملدرآمد کرانے کے حوالے سے سخت اقدامات ناگزیر ہیں، ٹریفک نظام کی بہتری اور مصروف اوقات میں ٹریفک سے متعلق مسائل اور عوامی مشکلات کے حل کے سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر جامع حکمت عملی کے تحت اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایس ایس پی ٹریفک آفس کوئٹہ کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ آئی جی پولیس نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ٹریفک کے نظام کی بہتری کے لئے ماڈل روڈ تشکیل دینگے اور اس کے ساتھ ساتھ صوبے کے دیگر اضلاع میں بھی پھیلایا جائے گا کوئٹہ شہر میں ٹریفک انجینئرنگ بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ ایس ایس پی ٹریفک آفس کا دورہ کر رہے ہیں

آل پارٹیز کانفرنس کا مشترکہ اعلامیہ عوام کے حقوق کی آواز ہے، جمعیت ضلع کوئٹہ

کوئٹہ کے مسائل کے حل کیلئے تمام جماعتوں کو ساتھ لے کر چلیں گے

صوبائی حکومت اے پی سی کے تحفظات دور کرنے کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان کو قدم اٹھانا ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا مفتی محمد روزی خان سینیئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم خطیبکی مولانا محمد ایوب حافظ عبدالحق حقانی مولانا حکیم حبیب اللہ حافظ سردار محمد نورزئی حاجی محمد شاہ ولا حاجی، ولی محمد بڑیچ حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ چوہدری محمد عاطف میر فاروق لانگو مولانا جمال الدین حقانی مولانا مفتی نیک محمد فاروقی مولانا مفتی محمد ابوبکر حافظ رحمان بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

ملک کی سب سے بڑی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی ہیں، حاجی شریف خلجی

پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت نے ہر وقت اس ملک کیلئے قربانی دی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ایگزیکٹیو کمیٹی کے رکن حاجی شریف خان خلجی کی قیادت میں عبدالحمید خان سوشل ایکٹوسٹ طاہر خان ناصر منور کاکڑ غلام محی الدین خلجی نے اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی شمولیت اختیار کرنے والوں سے خطاب کرتے ہوئے حاجی شریف خان خلجی نے کہا کہ ملک کی سب سے بڑی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی ہیں جس نے ہر وقت غریب عوام کی خدمت کی ہیں۔

ملک بھر کی طرح ضلع زیارت میں بھی تیس مارچ جوش وخروش سے منایا جائے گا، شبیر احمد بادینی

پاکستان ہم سب کا مشترکہ ملک ہے اس کی ترقی کے لیے سب کو کردار ادا کرنا ہوگا

زیارت (ع ن) ڈپٹی کمشنر زیارت شبیر احمد بادینی کی زیر صدارت تیس مارچ یوم پاکستان کی تیاریوں کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ افسران کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ پولیس افسر اختر ایجنٹری، ایف سی کے میجر افکان، اسسٹنٹ کمشنر زیارت عبداللہ بن عارف اور لائن ڈیپارٹمنٹ کے افسران نے شرکت کی اجلاس میں یوم پاکستان کو ضلع زیارت میں شاندار انداز میں منانے کے حوالے سے اہم فیصلے کئے گئے، اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ڈسٹرکٹ انتظامیہ بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

ہنگلاج ماتا مندر کے سالانہ میلے میں ہندو یاتریوں کو تمام سہولیات فراہم کرینگے، ڈی جی پی ڈی ایم اے

یاتریوں کی رہائش کے لیے ٹینٹ، پینے کا صاف پانی، 400 لیٹر کی واٹر ٹینکس، واٹر باؤزر، پانی بھرنے کے لیے ٹرز کین و دیگر شامل ہیں

اوتھل (نامہ نگار) ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان نصیر احمد ناصر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اور چیف سیکرٹری بلوچستان ہنگلاج ماتا مندر کے سالانہ میلے میں ہندو یاتریوں کو تمام سہولیات فراہم کرنے میں دلچسپی لے رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ کونسل کانفرنس ہال اوتھل میں ہنگلاج شیوا منڈلی کے عہدیداروں ڈاکٹر تولہ رام لاسی، اندر سین اور پرکاش کمار لاسی سے ہنگلاج ماتا بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے امن وامان میں فوج کے کردار کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، عبداللہ حمید گل

تعلیم کے ذریعے ہم ایک اچھا معاشرہ تشکیل دے سکتے ہے، سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) تحریک جوانان پاکستان کے سربراہ عبداللہ حمید گل نے بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی میں امن سے منسلک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کو اللہ تعالیٰ نے جہاں ہر طرح کے وسائل سے نوازا ہے وہی بلوچستان کو مصنوعی طور پر بحرانوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ یہاں کے سیاسی جماعتیں اپنی پارٹی، سیاسی اور ذاتی مفادات کو ریاستی ترجیحات پر ترجیح دیکر اس پسماندگی کے ذمہ دار ہے۔ بلوچستان بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

عادی غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کوئی نرم گوشہ نہیں رکھا جائیگا، عائشہ زہری

تعلیمی عمل میں بہتری لانے کیلئے سخت ایکشن لینا انتہائی ضروری ہیں

نصیرآباد (ع ن) عادی غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کوئی نرم گوشہ نہیں رکھا جائیگا تعلیمی عمل میں بہتری لانے کیلئے سخت ایکشن لینا انتہائی ضروری ہیں چند غیر حاضر اساتذہ کا خمیازہ پورے بھگت رہیں اچھا اساتذہ کی حوصلہ افزائی کرنا لازم ہے تاکہ تعلیمی عمل میں بہتری لائی جائے ضلع نصیرآباد میں تعلیمی عمل میں بہتری لائے بغیر ترقی کا خواب ادھورا ہے ضلعی انتظامیہ کی بھرپور کوشش ہے کہ محکمہ تعلیم کے ساتھ مل کر تعلیمی اداروں میں مزید بہتری لائی جائے تاکہ ضلع بھر سے بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

میونسپل کمیٹی ایمپلائز یونین بی کے انتخابات چاند پینل اکثریت سے کامیاب

الیکشن میں ووٹ ڈالنے کا تناسب تقریباً سو فیصد رہا، چیئرمین الیکشن عابد بٹ

ملازمین کا جشن جیت کی خوشی میں ریلی نکالی پرامن انداز میں جمہوری عمل مکمل کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) میونسپل کمیٹی ایمپلائز یونین سی بی کے انتخابات چاند پینل اکثریت سے کامیاب صدر سید اسماعیل شاہ جنرل سیکرٹری فیصل مسیح کے پینل نے 126 ووٹ حاصل کئے۔ ملازمین کا جشن جیت کی خوشی میں ریلی نکالی پرامن انداز میں جمہوری عمل مکمل کیا گیا۔ نو منتخب عہدیدار ملازمین کے مسائل حل کرائیں۔ چیئرمین الیکشن عابد بٹ نے 21 مارچ 23 میونسپل کمیٹی ایمپلائز یونین سی بی کے دو سالہ انتخابات برائے سال 2023 تا 2025 میں چاند پینل انتخابی نشان ٹریکٹر نے بھاری اکثریت سے میدان جیت لیا۔ الیکشن کے سلسلے میں خفیہ رائے دہی کے تحت پولنگ گزشتہ روز میونسپل کمیٹی سی کے ہال میں ہوئی مزدوروں و ملازمین نے بھرپور جوش و خروش کا مظاہرہ کیا الیکشن میں ووٹ ڈالنے کا تناسب تقریبا سو فیصد رہا۔

عوام سے جو وعدے کئے تھے انہیں پورا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، ہاشم نوتیزئی

نئے فیڈر کے افتتاح سے وولٹیج کا مسئلہ حل ہوجائے گا بلوچستان میں لوڈشیڈنگ کی کمی کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں

وزیر مملکت برائے توانائی حاجی میر محمد ہاشم نوتیزئی اور کیسکو چیف بلوچستان عبدالکریم جمالی نے سرگیشہ فیڈر کا افتتاح کر دیا

دالبندین (این این آئی) وزیر مملکت برائے توانائی حاجی میر محمد ہاشم نوتیزئی اور کیسکو چیف بلوچستان عبدالکریم جمالی نے سرگیشہ فیڈر کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ایس ای خضدار سرکل کرم کتش بادینی ایکسین گریڈ اعزاز بیگ ایکسین نوشکی قاضی نوید ایکسین کنسٹرکشن آصف شاہ ایس ڈی او اسماعیل شاہ ایس ڈی او ایوب بادینی ایس ڈی او پرویز میرانی بابائے ریونیو سب ڈویژن دالبندین کے چیئرمین میر شاہ نواز ریکی بی اے پی کے ضلعی سینئر نائب صدر اقبال ریکی جنرل سیکرٹری وحدت ریکی انفارمیشن سیکرٹری میر ابراہیم ریکی سینیٹر رحمان ہاشم لجی اقبال ریکی ابراہیم میڈیکل اعظم نوتیزئی شاہ بلوچ چاکر اعظم میڈیکل بی ایس ایم این اے فرحان ملازئی داود شاہ اور دیگر بھی ہمراہ تھے۔ اس موقع پر حاجی میر محمد ہاشم نوتیزئی نے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ سے سی ای او پیف سید ذوالفقار علی ہاشمی ملاقات کر رہے ہیں

ترقی وخوشحالی کیلئے تعلیم پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، ڈپٹی کمشنر شیرانی

تعلیمی سال کا آغاز ہوچکا ہے اساتذہ اپنے جائے تعیناتی پر حاضری کو یقینی بنائیں، حضرت ولی کاکڑ

شیرانی (ع ن) ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت ولی کاکڑ نے کہا ہے کہ ترقی وخوشحالی کیلئے تعلیم پر توجہ دینے کی ضرورت ہے تعلیمی سال کا آغاز ہوچکا ہے اساتذہ اپنے جائے تعیناتی پر حاضری کو یقینی بنائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ پرائمری سکول کاسی میر علی خیل کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایم ڈی افسر طاہر جان اور ملک عطاء اللہ شیرانی بھی ان کے ہمراہ تھے ڈپٹی کمشنر نے طلبہ کا تعلیمی جائزہ لیتے ہوئے طلبہ سے مختلف سوالات پوچھے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

چھتر میں نادرا دفتر کے عملے کے رویے کے باعث عوام رل گئے

چھتر (این این آئی) چھتر میں نادرا دفتر کے عملے کے رویے کے باعث عوام رل گئے شناختی کارڈ اور بے فارم کے حصول کے لیے کئی کئی دنوں دفتر کا چکر لگانے والے شہری عملے کی ہٹ دھرمی کے سامنے بے بس تفصیلات بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر میں برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی مرمت اور ضروری دیکھ بھال کا کام کیا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں 22 مارچ سے 25 مارچ تک کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے سورج گنج بازار، اولڈ سمنگلی، واٹر کلکٹر، ایف سی، کیسکو، نواں کلی، اولڈ ایم ای ایس، عالم خان اور سریاب گرڈ کے بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

ہمارا مضبوط اور پائیدار اشتراک پاکستانی اور امریکی عوام کی زندگیوں میں بہتری لاتا رہے گا

عالمی سطح پر مثبت اثرات مرتب کرے گا یو ایس پاکستان گرین الائنس اس کی ایک بہترین مثال ہے، ڈونلڈ بلوم

اسلام آباد (جاگ اٹھا سے) "ہمارا مضبوط اور پائیدار اشتراک پاکستانی اور امریکی عوام کی زندگیوں میں بہتری لاتا رہے گا اور عالمی سطح پر مثبت اثرات مرتب کرے گا۔ یو ایس پاکستان گرین الائنس اس کی ایک بہترین مثال ہے۔" ان خیالات کا اظہار پاکستان میں تعینات امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز کے زیر اہتمام لیکچر "پاکستان امریکا تعلقات: دی وے فارورڈ" کے موضوع پر ایسوسی ریکچر میں بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز کے زیر اہتمام لیکچر میں خطاب کر رہے ہیں

بارشوں سے ہونے والے نقصانات کا بھی ازالہ کیا جائے، سمیع اللہ مندوخیل

ژوب (نامہ نگار) اتحاد نوجوانان بلوچستان ضلع ژوب صدر سمیع اللہ مندوخیل نے اخباری نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ژوب میں گزشتہ روز بارش کے باعث سیلابی ریلے میں بہہ کر دو افراد جاں بحق اور کئی مویشی ہلاک ہوئے ہیں، انتظامیہ بہنے والے ایک شخص کی لاش کو فوری طور پر تلاش کر کے ورثاء کے حوالے کرے اور جاں بحق ہونے بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ضلع اوستہ محمد / جعفرآباد میں ایرانی پیٹرول کی سمگلنگ ہورہی ہے، میر عامر جمالی

لیگل پیٹرول پمپ والوں کو اوستہ محمد کی انتظامیہ جان بوجھ کر تنگ کر رہی ہے

اوستہ محمد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی میر عامر خان جمالی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پورے بلوچستان اور خاص کر کے ضلع اوستہ محمد / جعفرآباد میں ایرانی پیٹرول کی سمگلنگ ہورہی ہے اور غیر قانونی پیٹرول پمپ چل رہے ہیں جبکہ لیگل پیٹرول پمپ والوں کو اوستہ محمد کی انتظامیہ جان بوجھ کر تنگ کر رہی ہے گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد نے ایک لیگل پیٹرول پمپ پر کارروائی کی ہے جو کہ لیگل پیٹرول پمپ ہے۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے مختلف ملازمین کو اپ گریڈ کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق پروموشن کمیٹی کی سفارش پر صوبائی اسمبلی کے جنگی خان پرائیوٹ سیکرٹری (BPS-18) کو سٹاف آفیسر ٹو سپیکر (BPS-19) جبکہ بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

مردم شماری پر مامور اساتذہ کو سیکیورٹی فراہم کی جائے، جی ٹی اے ژوب

دھمکیاں دینے والے کو گرفتار بصورت دیگر عملہ کو واپس بلایا جائے گا، فتح خان مندوخیل

ژوب (نامہ نگار) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ژوب کے صدر فتح خان مندوخیل جنرل سیکرٹری مولانا سید مشہود شاہ آخوندزادہ چیئرمین عبداللطیف مندوخیل آرگنائزر رجب خان کاکڑ سٹر خان ایوزئی؛ خان محمد ولیوال؛ رئیس احمد؛ باران خان؛ عبدالرشید ناصر؛ امان اللہ کبزئی؛ علاؤالدین حریفال؛ ضیاالدین؛ وزیر خان ناصر؛ مولوی محمد قاسم بابر شیخ صابر شاہ مندوخیل اور مولوی عبدالرازق نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ یکم مارچ سے اساتذہ کرام نے اپنے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

کرونا اور پولیو کے واجبات جلد ادا کی جائے، صوبائی صدر حاجی رحمت اللہ دوہوار

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان پیرا میڈیکل اسٹاف فیڈریشن کے صوبائی کابینہ کا اجلاس زیر صدارت صوبائی صدر حاجی رحمت اللہ دوہوار منعقد ہوا اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جسکی سعادت خود صوبائی صدر نے حاصل کی تلاوت کلام پاک کے بعد صوبائی صدر نے صوبائی کابینہ میں شامل تمام ایجنڈوں پر تفصیلی روشنی ڈالا اجلاس کے الیکشن شیڈول بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

ملک عبدالجبار روجھو کا تبادلہ فوری منسوخ کیا جائے، اعجاز احمد روجھو

بیلا (این این آئی) ملک عبدالجبار روجھو کا تبادلہ فوری منسوخ کیا جائے ملک عبدالجبار روجھو فرض شناس آفیسر ہے جنہوں نے دو ماہ کے مختصر عرصے میں منشیات دیگر معاشرتی برائیوں اور جرائم کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیے موصوف کی نگہداشت کارکردگی تسلی بخش ہے ایسے فرض شناس اور تلاش پولیس آفیسر کا بیلا بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

نصیرآباد ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری ڈی ای جی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

سب کو مل کر چائلڈ ہیلتھ سروسز کو عوامی خدمت کا مثالی ادارہ بنانا ہے، احسان شاہ

بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کوئٹہ میں مختصر عرصے میں کئی تعمیراتی منصوبے مکمل کیے گئے

بلوچستان کے عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے اصلاحات کا تسلسل ضروری ہے، سینٹرل آکسیجن سسٹم اور سولر سسٹم کا افتتاح

کوئٹہ (این این آئی) وزیر صحت بلوچستان سید احسان شاہ اور سیکرٹری صحت بلوچستان صالح محمد ناصر نے بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کوئٹہ میں بچوں کے جدید ترین انتہائی نگہداشت یونٹ، بریسٹ فیڈنگ کارنر، گڈز، وارڈ، ان ڈور اور آؤٹ ڈور مریضوں کے ABG ٹیسٹ، جدید سہولیات سے آراستہ ایمبولینس، سینٹرل آکسیجن سسٹم اور سولر سسٹم کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب کا انعقاد چیف ایگزیکٹیو پروفیسر ڈاکٹر صہیب بابر بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کوئٹہ نے کیا۔ تقریب میں ڈاکٹر امین مندوخیل، پروفیسر ڈاکٹر غلام نبی ناصر، ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر عطاء اللہ بزنجو، ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر شاہل مندوخیل، کوارڈینیٹر کوویڈ پراجیکٹ ڈاکٹر بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

عوامی مسائل کے حل کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، مولانا کمال الدین

عوام کو درپیش عوامی مسائل کو بروقت حل کرنے کی خاطر انقلابی اقدامات سے دور رس نتائج برآمد ہونگے

محدود وسائل میں رہتے ہوئے عوامی مسائل کے حل کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، رکن قومی اسمبلی

پشین (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی سینئر نائب امیر اور رکن قومی اسمبلی صاحبزادہ مولانا کمال الدین نے کہا ہے کہ محدود وسائل میں رہتے ہوئے عوامی مسائل کے حل کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، ضلع پشین کے تمام علاقوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے، علاقے کے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے پورے حلقے میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم این اے کے منظور شدہ فنڈز سے ہیکلزئی تا خدائیداد زئی روڈ کا افتتاح کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ممبر صوبائی اسمبلی سید حاجی عزیز اللہ آغا، ضلع پشین کے سیکرٹری اطلاعات ملک باز محمد کاکڑ ضلعی نائب امیر مولوی بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

زیارت: ڈپٹی کمشنر شبیر احمد بادینی تیس مارچ یوم پاکستان کی تیاریوں کے سلسلے میں افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بسیمہ کے علاقہ چوٹ لوچو اور کوڑی کے روڈ پر پانی ہی پانی کھڑا ہیں

تالاب کے منظر پیش کرتے ہوئے روڈ پر سفر مشکل ہوگیا، عوامی حلقے

بارشوں کے بعد بازار سے لے کر زرعی فارم تک روڈ سفر کے قابل نہیں رہا

کوئٹہ (این این آئی) بسیمہ میں حالیہ بارشوں سے چوٹ کوڑی اور لوچو کے روڈ پر جگہ جگہ پانی کھڑا ہیں روڈ بازار سے لے کر زرعی فارم تک کسی دریا کا منظر پیش کر رہا ہیں 10 ہزار سے زائد آبادی کو بازار آنے جانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہیں متعلقہ بازار سے کئی علاقوں کے رابطہ منقطع ہوچکا ہیں مریضوں کو بازار لانے میں ان علاقوں کے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہیں روڈ پر کیچڑ اور پانی کے وجہ سے کئی جگہوں پر روڈ بند ہوچکا ہیں زرعی علاقے کے درمیاں میں روڈ بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

اندھیر نگری چوپٹ راج کا دور، لیگل پیٹرول پمپ چلنے والے کو ایس ڈی ایم نے تالا لگایا

اوستہ محمد (این این آئی) اندھیر نگری چوپٹ راج کا دور، لیگل پیٹرول پمپ چلنے والے کو ایس ڈی ایم نے تالا لگایا۔ جو ایرانی پیٹرول چلانے والے پمپوں کو چھوڑ دیا۔ غلام آفیسر نے اپنا کام کر کے دکھایا حکم کی عدولی کی داؤ اوستہ محمد انتظامیہ بعد میں سیل بھی کھول دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد میں آفیسر سرکار کے نہیں سیاسی غلام بنے ہوئے ہیں گزشتہ روز اے سی اوستہ محمد نے گھنٹہ گھر چوک پر لیگل پیٹرول پمپ جو پی ایس او پٹرول اور ڈیزل چلاتا ہے جس کو اے سی اوستہ محمد بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

یوتھ آرٹس اینڈ فلم ایسوسی ایشن بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) یوتھ آرٹس اینڈ فلم ایسوسی ایشن بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل ہوگئی۔ گزشتہ روز کوئٹہ میں یوتھ آرٹس اینڈ فلم ایسوسی ایشن بلوچستان کی جانب سے آرگنائزنگ کمیٹی کی تشکیل کیلئے آن لائن طریقے سے آرگنائزر اور ڈپٹی آرگنائزر کا انتخاب عمل کیا گیا، جس میں یوتھ آرٹس اینڈ فلم ایسوسی کے تمام ممبران نے حصہ لیا اور اپنی رائے دی۔ جس میں ینگ فلم میکر شاہ محمد کاکڑ آرگنائزر اور فلم میکرز ظہور احمد بچاری ڈپٹی آرگنائزر اتفاق بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

ڈی آئی جی سبی ریٹائرڈ علی شیر جکھرانی صاحب نے اپنے منصب کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا

سبی (این این آئی) ڈی آئی جی سبی ریٹائرڈ علی شیر جکھرانی صاحب نے اپنے منصب کا چارج سنبھالتے ہی سب سے پہلے احسن اقدام سبی شہر میں منشیات فروخت کرنے والے افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کے سبی کے شہریوں کی نوجوان نسلوں کو تباہ کرنے والے منشیات فروشوں کے خلاف سخت سے سخت کارروائیاں کی جائیں اور منشیات فروخت کرنے والے افراد سبی میں نظر نہیں آنے چاہیے ڈی آئی جی پولیس سبی جناب علی بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

خضدار ایس ایچ او صدر کی چوروں اور مفرور ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری

1 چور جبکہ 2 مفرور ملزمان گرفتار ایس ایس پی خضدار فہد خان کھوسہ

خضدار (این این آئی) خضدار ایس ایچ او صدر کی چوروں اور مفرور ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری 1 چور جبکہ 2 مفرور ملزمان گرفتار ایس ایس پی خضدار فہد خان کھوسہ کی حکم پر SHO صدر خان محمد قلندرانی ایڈیشنل ایس ایچ او سفر خان اے ایس آئی محمد فضل لہڑی اور میر جمال خان شیخ نے اپنے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کر کے چوری کے مقدمہ نمبر 19/23 بجرم 34-380 میں اہم سرغنہ محسن کو گرفتار کر کے اسکے قبضے سے ایک عدد کیمرہ (CANON) ایک عدد ڈرون کیمرہ ایک عدد لیپ ٹاپ برآمد کر کے ملزم کو پابند سلاسل کر دیا جبکہ دوسری کارروائی بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

ریجنل کمپلینٹ سیل آفیسر نصیرآباد اکبر علی گچکی کی زیر صدارت کمپلینٹ سیل کا اجلاس

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ریجنل کمپلینٹ سیل آفیسر نصیرآباد اکبر علی گچکی کے زیر صدارت کمپلینٹ سیل کا اجلاس ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ کمپلینٹ سیل آفیسران نیو صوبہ شکایات اور ان پر ہونے والے کارروائی کے بارے میں آگاہی دی اس موقع پر ریجنل کمپلینٹ سیل آفیسر اکبر علی گچکی نے کہا کہ آئی جی پولیس بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

نصیرآباد ڈویژن میں قبائلی دشمنیاں کینسر مرض کی طرح پھیل گیا ہے، رپورٹ

عدلیہ میں کوئی سزا جزا۔ قانون کے رکھوالے بے بس ہیں، کئی جانیں ضائع ہورہے ہیں

اوستہ محمد (این این آئی) نصیرآباد ڈویژن میں قبائلی دشمنیاں کینسر مرض کی طرح پھیل گیا ہے۔ سردار، نواب، وڈیرے نہیں چاہتے کہ یہ ختم ہوں۔ عدلیہ میں کوئی سزا جزا۔ قانون کے رکھوالے بے بس ہیں۔ کئی جانیں ضائع ہورہے ہیں۔ رپورٹ تفصیلات کے مطابق نصیرآباد ڈویژن میں قبائلی دشمنیاں بڑھتی جارہی ہیں آئے روز بندے قتل ہو رہے وہ بھی زیادہ تر شہروں میں حملہ آور با آسانی آ کر قتل کر کے چلے جاتے ہیں پہلے لوگ باہر لڑا کرتے تھے اگر تا بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ لاپتہ افراد کی بازیابی ہے، نذر بلوچ

پاکستان میں معیشت، سیاست اور امن وامان کی صورتحال خراب ہے، نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی شال زون کے آرگنائزر نذر بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ لاپتہ افراد کی بازیابی ہے، ماہل بلوچ کی 35 روزہ جسمانی ریمانڈ کا نوٹس لیا جائے، یہ بات انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ میں شاہ نواز بلوچ، کچکول زاوی، فہمیدہ کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں معیشت، سیاست اور امن وامان کی صورتحال خراب ہے جس کی وجہ سے عوام متاثر ہورہے ہیں، حکمرانوں اور متعلقہ اداروں کو عوام کے مسائل سے کوئی سروکار نظر نہیں آرہا حکمرانوں تک کسی کو بھی بلوچ عوام سے کوئی سروکار نہیں، پارلیمان کے اندر اپوزیشن نظر نہیں آرہی، حکومت اور اپوزیشن اپنے اپنے مفادات کی جنگ لڑ رہی ہیں۔

پشین شہر میں بے شمار مسائل حل طلب ہیں، میئر میونسپل کارپوریشن پشین

نومنتخب ممبران میونسپل کارپوریشن اور کونسلرز عوامی مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کروانے میں کردار ادا کریں

پشین (این این آئی) میئر میونسپل کارپوریشن پشین سردار اکبر خان ترین نے کہا ہے کہ پشین شہر میں بے شمار مسائل حل طلب ہیں۔ نومنتخب ممبران میونسپل کارپوریشن اور کونسلرز عوامی مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کروانے میں کردار ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میونسپل کارپوریشن پشین کے نومنتخب کونسلروں اور ممبران کے پہلے تعارفی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس سے ڈپٹی میئر عبداللہ کاکڑ اور چیف آفیسر منظور احمد میرانی نے بھی خطاب کیا، جبکہ مختلف کونسلروں نے اپنے وارڈوں سے متعلق تجاویز اور سفارشات پیش کیں۔ میئر میونسپل کارپوریشن بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: بینکنگ محتسب محمد کامران شہزاد اور ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب کوئٹہ غلام سرور بروہی کو اپنے ادارے کی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کر رہے ہیں

افواج پاکستان کی تاریخ قربانیوں سے بھری ہوئی ہے، سرفراز خان ڈومکی

افواج پاکستان کی عزت ووقار کے ساتھ پاکستان کا استحکام وتمکنت اور عوام کا تحفظ اور خوشحالی وابستہ ہے

اس کے خلاف ہونے والا پروپیگنڈا پاکستان کو کمزور کرنے کی سازش ہے، تحفظ پاکستان کیلئے پوری قوم پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے

کوئٹہ (این این آئی) رکن بلوچستان اسمبلی و چیف آف ڈومکی سردار سرفراز خان ڈومکی نے کہا ہے کہ افواج پاکستان کی تاریخ قربانیوں سے بھری ہوئی ہے اس کے خلاف ہونے والا پروپیگنڈا پاکستان کو کمزور کرنے کی سازش ہے افواج پاکستان کی عزت ووقار کے ساتھ پاکستان کا استحکام وتمکنت اور عوام کا تحفظ اور خوشحالی وابستہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک بیان میں کیا، سردار سرفراز خان ڈومکی نے کہا کہ تحفظ پاکستان کیلئے پوری قوم پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے اس لیے پاک آرمی پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی ملک دشمن عناصر نے افواج پاکستان کے خلاف مزید زہر اگلنے کی کوشش کی تو عوام انہیں معاف نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ پاک افواج نے ملکی سالمیت کو یقینی بنانے کے لئے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنماؤں کا غلام نبی مری سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان چیئرمین حاجی شیر احمد سیکرٹری جنرل قاسم خان عبدالمعروف آزاد حاجی عبدالعزیز شاہوانی دین محمد بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

2008 سے تاحال نئی بھرتیاں نہ ہونے سے محکمہ صحت ضلع ہرنائی میں پیرامیڈیکس اسٹاف کی شدید کمی ہے

آر ایچ سی شاہرگ کے لئے الگ ٹرانسفارمر فراہم کیا جائے، آل پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن

ہرنائی (این این آئی) 2008 سے تاحال نئی بھرتیاں نہ ہونے سے محکمہ صحت ضلع ہرنائی میں پیرامیڈیکس اسٹاف کی شدید کمی ہے۔ اسٹاف کی کمی اور قدرتی آفات وموسمی حالات سے مسائل میں اضافہ ہوا ہے۔ پیرامیڈیکس ڈی ایچ او اور ایم ایس اور ڈی ایس ایم پی ایچ آئی کے ساتھ شانہ بشانہ محکمہ صحت میں بہتری کے لئے کردار ادا کر رہے ہیں۔ آر ایچ سی شاہرگ کے لئے الگ ٹرانسفارمر فراہم کیا جائے جبکہ محکمہ صحت ضلع ہرنائی میں تمام زیر التواء بلڈنگ کی تعمیر پوری اور مکمل بنایا جائے محکمہ صحت میں پیرامیڈیکس مسائل کے باوجود اپنے فرائض منصبی سے سرانجام دے رہے ہیں۔

مہنگائی اور بیروزگاری نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے، پشتونخوامیپ

رمضان کے مہینے میں حکومت عوام کو خصوصی ریلیف دینے کیلئے اقدامات کرے، سید شراف آغا

پشین (این این آئی) مہنگائی اور بیروزگاری نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے، رمضان کے مہینے میں حکومت عوام کو خصوصی ریلیف دینے کیلئے اقدامات کرے اور تاجروں، دکانداروں سے درخواست ہے کہ وہ خود ساختہ قیمتوں میں اضافے سے گریز کرتے ہوئے غریب عوام کا خیال رکھیں، ضلعی انتظامیہ، پرائس کنٹرول کمیٹیاں دکانداروں کو نرخ کے مطابق اشیاء کی خرید وفروخت کا پابند بنا کر مجبور کرنے اور رشوت خوری کے عمل سے دور رہے اور عوام کو ریلیف دینے کیلئے اقدامات کریں۔ قومی واک واختیار اور قومی برابری تک جدوجہد جاری رہے گی، امن وامان کے قیام اور قانون کو لاگو کرنے میں حکومت بری طرح ناکام ہو چکی ہے، نااہل صوبائی حکومت سٹیبلشمنٹ کی آلہ کار بن چکی ہے

سبی: کمشنر سبی ڈویژن شاہد سلیم قریشی جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر پودا لگا رہے ہیں

مچھ سٹی میں بھی بہت کم بچے سکول جاتے ہیں، منیجر محمد اعظم مری

آگاہی واک اور سیمینار کا مقصد عوام میں شعور اجاگر کرنا ہے، ای ایس پی یوسیف مچھ

مچھ (این این آئی) ای ایس پی اور سی پی ڈی یوسیف مچھ نے محکمہ تعلیم مچھ کے تعاون سے مچھ میں سکول داخلہ مہم کے سلسلے میں آگاہی واک اور سیمینار کا انعقاد کیا گیا آگاہی واک گورنمنٹ ہائی اسکول مچھ سے ای ایس پی یوسیف مچھ کے منیجر محمد اعظم مری کی قیادت میں نکالی گئی آگاہی واک میں ای ایس پی اور سی پی ڈی کے رہنما اسکول کے بچوں اساتذہ کرام والدین بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

قلعہ سیف اللہ، واپڈا حکام زمینداروں کو معاشی طور پر تباہ کرنا چاہتے، عبداللہ جان میرزئی

بجلی کی وولٹیج اتنی کم ہے کہ موبائل چارج نہیں ہوتا، چیئرمین زمیندار ایکشن کمیٹی قلعہ سیف اللہ

قلعہ سیف اللہ (این این آئی) زمیندار ایکشن کمیٹی قلعہ سیف اللہ کے چیئرمین عبداللہ جان میرزئی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ واپڈا حکام زمینداروں کو معاشی طور پر تباہ کرنا چاہتے ہیں انتہائی کم وولٹیج میں 4 گھنٹے بجلی فراہم کرتے ہیں جو موبائل چارج کرنے کی قابل بھی نہیں ہے ٹیوب ویلز چلانا تو کوہ ہمالیہ پر چڑھنے کی مترادف ہیں انہوں نے مزید کہا بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

عالمی یوم ٹی بی کے موقع پر پاکستان چیسٹ سوسائٹی بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ آگاہی واک کے شرکاء